بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
کوئٹہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

جلد نمبر 22 | بدھ 23 ستمبر 2026 | 13 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 186

وزیراعظم کا حافظ نعیم سے ٹیلیفونک رابطہ، دھرنا موخر کرنے کی درخواست

حکومت معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کو ان مشکل حالات میں پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کر رہی ہے، شہباز شریف

جب وزیراعظم پاکستان واپس آئیں گے ان سے ملاقات کرینگے، حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے، امیر جماعت اسلامی کا اکتوبر کے پہلے ہفتے تک لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان

اسلام آباد، ملتان (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس میں وزیراعظم نے امیر جماعت اسلامی کو اسلام آباد میں دھرنا موخر کرنے کی درخواست کی۔ ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کو ان مشکل حالات میں پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کو کسی صورت اسلام آباد میں امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے

عطا تارڑ

ٹمبر، ٹوبیکو، مائنز اینڈ منرلز اور گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیے گئے؟، کیا صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کرسکتی؟، خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کیلئے ہیں، احتجاجوں کے لئے نہیں، ترقی ان کا مینڈیٹ نہیں، ان کا مینڈیٹ صرف قیدی کو رہا کرنا ہے

بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، نہیں معلوم فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پرامن نہیں رہ سکتی، ایک دھرنے سے تاجروں کا 126 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، سیاستدانوں کو اپنے رویوں میں نرمی لانا ہوگی

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ساڑھے بارہ سال سے ایک حکومت موجود، یہاں ترقی کا فقدان ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے، ٹمبر، ٹوبیکو، مائنز اینڈ منرلز اور گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، شہباز شریف سے کویت کے پرنس شیخ صباح خالد الحمید کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

پی ٹی آئی اراکین کی تربیلا، ورسک ڈیم اور کرک کی گیس بند کرنے کی دھمکی، سیاسی حلقوں میں بحث تیز

صوبائی حکومت تعاون کرے تو سیاسی دباؤ بڑھایا جاسکتا ہے، فضل الٰہی، رکن قومی اسمبلی اقبال آفریدی کی بھی تائید

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف کے رہنماؤں کی جانب سے 27 ستمبر کے احتجاج کے تناظر میں تربیلا اور ورسک ڈیم سے بجلی کی فراہمی اور کرک سے گیس کی ترسیل روکنے سے متعلق بیانات سامنے آنے کے بعد سیاسی حلقوں میں بحث تیز ہوگئی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران میں غیرقانونی افغان باشندوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز، لاکھوں ملک بدر

اسلام آباد (این این آئی) میزبان ممالک میں بغیر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کا فتنہ الہندوستان کیخلاف بڑا آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک

ساران تنگی میں خفیہ اطلاعات پر کارروائی، 9 مشتبہ افراد گرفتار، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے ساران تنگی میں سیکورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فلسطینی عوام کیساتھ پاکستان کی یکجہتی غیر متزلزل ہے

اسحاق ڈار

برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے، نائب وزیراعظم

غزہ تنازعہ کے خاتمے کے جامع منصوبے پر عملدرآمد کو آگے بڑھانے کے لیے امریکا، مصر، قطر اور ترکیہ کی ثالثی کی کوششوں کو سراہا

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے غزہ اور مغربی کنارے کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر فلسطینی کاز کو آگے بڑھانے اور بین الاقوامی قانونی اصولوں کے مطابق مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے، غزہ کی تعمیر نو اور سکیورٹی کے انتظامات فلسطینی قیادت میں ہونے چاہئیں جن میں فلسطینی اتھارٹی کا مرکزی کردار ہو، انہوں نے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قومی حمایت سے دہشتگردی کو شکست دینے کیلئے افواج پرعزم ہیں، فیلڈ مارشل

آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، انہیں خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کی تازہ صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشنز، سرحدوں کے انتظام کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی

آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز نے افسران اور جوانوں کے بلند حوصلے، تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا اور ملک وقوم کے تحفظ کے لئے ان کے غیر متزلزل عزم کا اعتراف کیا، انہوں نے فارمیشنز کو ہدایت کی کہ وہ چوکس رہیں اور آپریشنل تیاریوں کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھیں

راولپنڈی (آن لائن) چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا۔ خیبر پختونخوا کی موجودہ سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ، آرمی چیف کی فارمیشنز کو ہمہ وقت چوکس رہنے اور اعلیٰ ترین آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت، شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل کا کہنا تھا شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، انہیں خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کی تازہ صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشنز، سرحدوں کے انتظام کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے افسران اور جوانوں کے بلند حوصلے، تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا اور ملک و

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ قانون سازی کے مقدمات سے متعلق کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ کی نوشکی میں پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت، شہید کانسٹیبلز کو خراج عقیدت پیش

معصوم بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والے پولیو ورکرز پر حملہ درندہ صفت عناصر کا بھیانک، گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر نامعلوم شرپسندوں کی فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے دونوں کانسٹیبلز کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزارت خزانہ نے فنڈز کے اجرا کو مالی گنجائش سے مشروط کردیا

ضمنی گرانٹس اور فنڈز کی دوبارہ تخصیص کا طریقہ کار سخت، اضافی غیر بجٹ اخراجات کیلئے گرانٹ کی حوصلہ شکنی

کراچی (این این آئی) وزارت خزانہ نے فنڈز کے اجرا کو دستیاب مالی گنجائش سے مشروط کرتے ہوئے ضمنی گرانٹس اور فنڈز کی دوبارہ تخصیص کا طریقہ کار مزید سخت کردیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نئی مالی ہدایات کے مطابق فنڈز کی دوبارہ تخصیص اور

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وفاق کیخلاف بغاوت اور سرکاری وسائل کے استعمال پر دوہرا معیار ناقابل قبول ہے، خواجہ آصف

وفاق پر چڑھائی کے لیے سرکاری ملازمین، مشینری کا استعمال جائز، وزیراعلیٰ پنجاب کا سرکاری جہاز کا استعمال کرنا ناجائز بن جاتا ہے، بیان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اپوزیشن اور ناقدین کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق کے خلاف بغاوت اور دارالحکومت پر حملہ آور ہونے کے لیے سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کرنے والوں کو اپنی منافقت پر

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ کی ایران جنگ ختم کرانے کیلئے پاکستان سے رابطے کی تصدیق

اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کر چکا ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ ختم کرانے کی کوششوں میں پاکستان کے ساتھ رابطے کی تصدیق کردی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے بتایا کہ

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

26 نومبر احتجاج کیس، علیمہ خانم سمیت 10 ملزمان کیخلاف تھانہ صادق آباد کے مقدمہ کا ٹرائل مکمل، فیصلہ محفوظ

وکیل نے علیمہ خانم کو عدالت میں پیش کرنے کیلئے پروڈکشن آرڈر کیلئے درخواست عدالت میں دائر کردی، دلائل کے بعد خارج

راولپنڈی (آن لائن) انسداد دہشت گردی راولپنڈی کی خصوصی عدالت نے تحریک انصاف کے 26 نومبر کے احتجاج پر سابق چیئرمین کی ہمشیرہ علیمہ خانم سمیت 10 ملزمان کے خلاف تھانہ صادق آباد کے مقدمہ کا ٹرائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی ٹیکنیکل کالج کے باضابطہ [illegible] کانووکیشن تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

دو ماہ میں پاکستان نے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر بیرونی قرض لیا

بیرونی قرضوں میں 23.6 فیصد اضافہ، جولائی تا اگست حاصل رقم 47 ارب روپے کے مساوی رہی، دستاویز

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران پاکستان نے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر کا بیرونی قرض حاصل کیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 23.6 فیصد زیادہ ہے۔ اقتصادی امور ڈویژن کی دستاویز کے مطابق گزشتہ مالی سال جولائی تا اگست کے دوران پاکستان کو ایک ارب 37 کروڑ ڈالر کی بیرونی مالی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 316 ملین ڈالر تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں نمایاں اضافہ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور نے متعدد قانونی ترامیم کے مسودات کی منظوری دیدی

پیمرا سے متعلق قواعد میں ترامیم کا مسودہ بھی پیش، معاملے پر آئندہ اجلاس میں غور کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی سربراہی میں قائم کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور نے پاکستان آئل ریفائننگ، بلینڈنگ، ٹرانسپورٹیشن، اسٹوریج اینڈ مارکیٹنگ رولز، 2016 میں ترمیم، اوگرا آرڈیننس 2002 کے سیکشن 30 میں ترمیم، وفاقی پبلک سروس کمیشن آرڈیننس 1977 میں ترمیم اور پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری دینے والا ادارہ بنانے سمیت متعدد قانونی تجاویز، مسودات کی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چین کا پاکستان کی انسداد دہشتگردی کوششوں کی بھرپور حمایت کا اعلان

بیجنگ (این این آئی) چین نے پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں پولیس کی ایک تنصیب پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں کی بھرپور حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ بات چینی وزارت خارجہ کے ترجمان گو

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کوئی وجود نہیں رکھتی، قیادت کو مذاکرات کا راستہ اپنانا چاہئے

محمود خان

افغانستان میں موجود ٹی ٹی پی سے وابستہ افراد کو واپس لانے کا فیصلہ عمران خان نے نہیں، اس وقت کی تمام قیادت نے مل کر کیا تھا، سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

16 جولائی 2023 کو عمران خان کیساتھ آخری رابطہ ہوا تھا، عمران خان نے انہیں پارٹی نہ چھوڑنے کا کہا، تاہم کچھ مجبوریاں ایسی تھیں جن کی وجہ سے تحریک انصاف چھوڑنا پڑی

پشاور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف اب کوئی وجود نہیں رکھتی، پی ٹی آئی قیادت کو احتجاج کے بجائے مذاکرات کا راستہ اپنانا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں پی ٹی آئی پی کے چیئرمین محمود خان نے کہا کہ عدالتی مقدمات میں صرف تاریخیں بدلتی رہیں گی، اس لیے تحریک انصاف کی قیادت کو ہر صورت مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا چاہئے۔ تحریک انصاف

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور مصر کا علاقائی چیلنجز کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور

تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق، تعلیم، ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر رابطوں کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق گزشتہ روز اسحاق ڈار اور مصری وزیر

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نجی شعبے میں جدت کو مضبوط ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات، جامع ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے فروغ دیا جانا چاہیے، وزیر خزانہ

ملاقاتوں میں معاشی مواقع کو وسعت دینے اور ماحولیاتی شمولیت کو مضبوط بنانے میں ڈیجیٹل جدت کے کردار پر بھی توجہ مرکوز رہی

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام، ابتدائی انتباہی نظام اور لاگت پر مبنی موسمیاتی سرمایہ کاری منصوبوں کو مضبوط بنانے کے لیے بیرونی معاونت کے ساتھ ملکی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور سعودیہ میں سرکاری وسفارتی پاسپورٹ پر ویزا شرائط ختم

اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے نیویارک میں ملاقات، معاہدے پر دستخط

نیویارک (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی و سرکاری پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے ویزا شرائط ختم کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

ریاستی ادارے ملک وقوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی

بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ساران تنگی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپریشن شعبان 2 کے تحت ساران تنگی میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے ہیں۔ کارروائی کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کے ذریعے دہشتگرد عناصر کے خلاف اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر حملہ، وزیراعلیٰ بلوچستان نے رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں انسداد

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی میں اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ، 50 فیصد ملازمین گھر سے کام کرینگے

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں فوری طور پر اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ کر دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے 50 فیصد ملازمین دفاتر اور 50 فیصد گھر سے کام کریں گے، ملازمین کیلئے گھر سے کام کے دوران

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حق مہر بیوی کا لازمی قانونی حق، نکاح نامہ محض سرکاری ریکارڈ نہیں بلکہ حقوق کے ثبوت کی دستاویز ہے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قرار دیا ہے کہ حق مہر نکاح کا لازمی قانونی حق ہے، یہ بیوی کی ملکیت ہوتا ہے اور شوہر یا اس کے رشتہ دار اسے بیوی کی آزادانہ مرضی کے بغیر ختم یا معاف نہیں کرا سکتے۔ عدالت عظمیٰ نے قرار دیا کہ نکاح نامہ شادی کا معاہدہ خود نہیں بلکہ پہلے سے طے شدہ نکاح اور اس کی شرائط کا سرکاری ثبوت ہے۔ چار رکنی بینچ نے جسٹس شاہد وحید کی سربراہی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات جرمن سفیرہ (Lepel) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کر رہی ہیں

طاقت سے لوگوں کو سر تسلیم خم کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا، ایرانی صدر

اپنے وطن کے لیے ایرانی قوم مرتے دم تک اسی طرح مضبوطی سے ڈٹی رہے گی، گفتگو

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں ایرانی عوام کی شکایات، پیش آنے والے جرائم اور پیدا ہونے والے عدم اعتماد کا معاملہ اٹھائیں گے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم کئی مرتبہ مذاکرات کی میز پر گئے اور معاہدوں پر دستخط کیے،

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ریسرچ اینڈ پریکٹسز ان ایجوکیشن کے موضوع پر نویں بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز

پاکستان کی پائیدار ترقی اور روشن مستقبل کا انحصار معیاری تعلیم، تحقیق، جدت، تکنیکی صلاحیتوں اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ پر ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ریسرچ اینڈ پریکٹسز ان ایجوکیشن کے موضوع پر نویں بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز ہوگیا۔ دو روزہ کانفرنس میں ملکی و بین الاقوامی ماہرین تعلیم، محققین اور اساتذہ، تحقیق، تدریس، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق موضوعات پر اپنے تحقیقی مقالے اور تجربات پیش کر رہے ہیں۔ کانفرنس سے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عدالتی فیصلے کی توہین پر کارروائی ہوگی، حکومت سے مذاکرات کا راستہ کھلا ہے، طلال چوہدری

وزیراعلیٰ کے حلف میں بھی واضح ہے کہ وہ ایسا نہیں کرسکتے، مذاکرات کے لیے وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی آج بھی موجود ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت میں ہونے کی طاقت کی بنیاد پر کسی پر حملہ کرنا قابل قبول نہیں، وزیر اعلیٰ کے حلف میں بھی واضح ہے کہ وہ ایسا نہیں کر سکتے، مذاکرات کے لیے وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی آج بھی موجود ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان ولیبیا کا تجارتی، تعلیمی، کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ الطاہر الباعور سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کی جس میں پاکستان اور لیبیا کے دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور تجارتی، تعلیمی و کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی و عالمی صورت حال، مشرق وسطیٰ میں بدلتی صورت حال، علاقائی امن، توانائی کی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جنید انوار چوہدری کا کورنگی فشریز ہاربر اتھارٹی میں 100 ایکڑ پر محیط میری ٹائم انویسٹمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ اسٹیٹ قائم کرنے کا منصوبہ پیش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کورنگی فشریز ہاربر اتھارٹی میں 100 ایکڑ پر محیط میری ٹائم انویسٹمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ اسٹیٹ قائم کرنے کا منصوبہ پیش کر دیا۔ وزارت سے جاری پریس ریلیز کے مطابق مجوزہ منصوبے پر بریفنگ کے دوران وفاقی وزیر نے کہا کہ اس اسٹیٹ میں میری ٹائم اور ایکوا کلچر کے ساتھ انڈسٹریز، تحقیق و جدت، پروسیسنگ، ویلیو

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی 12 کوششیں ناکام بنادی گئیں

اے این ایف کے 21 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 18 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے ملک کے مختلف بین الاقوامی ایئرپورٹس پر منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی 12 کوششیں ناکام بنا دیں۔ اے این ایف کے مطابق 12 انٹیلی جنس

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سے یو این جنرل اسمبلی میں مسئلہ کشمیر موثر طور پر اٹھانے کا مطالبہ

وزیراعظم کشمیری سیاسی قیدیوں کی حالت زار اجاگر کریں گے، ڈی ایف پی

سری نگر (این این آئی) ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے دورہ امریکہ اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس موقع پر جموں وکشمیر کے حل طلب

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت نے آسان ٹیکس سکیم کے ذریعے تاجروں کے مطالبے پر عمل کرکے اپنا وعدہ پورا کیا، بلال اظہر کیانی

تاجر نمائندوں کی مدد سے ہر دکاندار تک آسان ٹیکس سکیم کی معلومات پہنچائی جائیں، وزیر مملکت کا اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے آسان ٹیکس سکیم کے ذریعے تاجروں کے مطالبے پر عمل کرکے اپنا وعدہ پورا کیا ہے اور اب دکانداروں نے اپنی حکومت کی تیار کردہ سکیم کو کامیاب بنانا ہے۔ انہوں نے یہ بات دکانداروں کے لئے آسان ٹیکس سکیم کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کے الیکٹرک کو 65 ارب روپے کی لیکویڈیٹی کمی کا سامنا

بینکوں نے نئی فنانسنگ روک دی، 30 ارب روپے واپس نکال لیے، 35 ارب کے اسلامی بانڈز بھی التوا کا شکار

کراچی (این این آئی) کراچی کو بجلی فراہم کرنے والی کمپنی کے الیکٹرک کو شدید مالی دباؤ کا سامنا ہے، بینکوں نے کمپنی کی نئی فنانسنگ روک دی جبکہ سابقہ فنانسنگ میں سے بھی 30 ارب روپے واپس نکال لیے گئے، جس کے باعث ادارے کو مجموعی طور پر 65 ارب روپے کی لیکویڈیٹی کمی کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیرف کے اجرا میں تاخیر اور قانونی تنازعات

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 6 دہشتگرد ہلاک

کارروائی کے دوران 9 مشتبہ افراد کو بھی حراست میں لیا گیا، جبکہ ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا

بلوچستان میں دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے ساران تنگی میں سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 دہشتگردوں کو ہلاک اور 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران دہشتگردوں کو موثر انداز میں

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزے سے متعلق مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان

آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے سے متعلق مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان ہے۔ ایکسٹنڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام (ای ایف ایف) کے تحت قرض کی ساتویں

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گھی اور کوکنگ آئل کی کم ازکم ریٹیل قیمتیں مقرر کردی گئیں

ایف بی آر نے گھی اور کوکنگ آئل سیکٹر میں مبینہ ٹیکس چوری روکنے کیلئے قیمتیں مقرر کیں

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے گھی اور کوکنگ آئل سیکٹر میں مبینہ ٹیکس چوری روکنے اور پوری صلاحیت کے مطابق ٹیکس وصولی یقینی بنانے کیلئے گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم ریٹیل قیمتیں مقرر کردی ہیں۔ آئندہ کنگ

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل کمی، امریکا میں ایندھن اب بھی مہنگا

نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکا میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار ایران کو ٹھہرا دیا

واشنگٹن (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مسلسل چوتھے روز کم ہوگئیں تاہم امریکا میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار ہیں جس کا الزام نائب امریکی صدر نے ایران پر دھر دیا۔ امریکی اخبار کے مطابق پیر کو برینٹ خام تیل کی

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ سب کمیٹی کی پاکستان اسٹیل ملز کی سیکیورٹی مضبوط بنانے، آڈٹ رپورٹ ایک ہفتے میں پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (اے این این) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس کنوینر سینیٹر سید مسرور احسن کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں پاکستان اسٹیل ملز (PSM) میں چوری کے واقعات، سیکیورٹی خدشات اور انتظامی و آپریشنل امور کا جائزہ لیا گیا۔ ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں سینیٹر خالدہ عطیب، سینیٹر دنیش کمار، وزارت صنعت و پیداوار اور پاکستان اسٹیل ملز کے سینئر

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

موسمیاتی و ماحولیاتی ڈیٹا کیلئے قومی اداروں کو مربوط نظام میں لایا جائے

مصدق ملک

گلیشیئرز کی نگرانی، موسمیاتی ڈیٹا، ارلی وارننگ سسٹم، سیٹلائٹ معلومات اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی اداروں کے درمیان موثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے

گلیشیئرز اور پانی کے نظام سے متعلق امور وزارت آبی وسائل کے دائرہ کار میں آتے ہیں، جبکہ برف باری اور گلیشیئر پگھلنے کی نگرانی کے آلات واپڈا کے پاس ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ گلیشیئرز کی نگرانی، موسمیاتی ڈیٹا، ارلی وارننگ سسٹم، سیٹلائٹ معلومات اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی اداروں کے درمیان موثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے تاکہ موسمیاتی خطرات سے بروقت نمٹا جا سکے۔ وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس کی صدارت سینیٹر شیری رحمان نے کی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کو ایک مربوط

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، قومی اسمبلی سپیکر ایاز صادق عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم سے ملاقات کر رہے ہیں

نوشکی، دہشتگردوں کی پولیو ٹیم پر فائرنگ، 2 پولیس اہلکار شہید

انسداد پولیو ٹیم پر حملہ بلوچستان کے بچوں کے مستقبل پر حملہ ہے، فتنہ الہندوستان بلوچستان کے امن اور بلوچستان کے بچوں کے مستقبل کا دشمن ہے

دہشت گرد عناصر نہیں چاہتے کہ بلوچستان میں امن آئے، ترقی ہو اور بیماریوں کا خاتمہ ہو، فتنہ الہندوستان نہیں چاہتا

کوئٹہ، اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں دہشت گردوں نے انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کردی جس سے دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں انسداد پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر تعینات پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی گئی، شہید پولیس اہلکاروں کی لاشیں ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کردی گئیں۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے حملے میں خواتین پر مشتمل پولیو ٹیم محفوظ رہی۔ پولیس کے مطابق حملہ آور شہید اہلکاروں کا سرکاری اسلحہ بھی ساتھ لے گئے اور فائرنگ کے بعد فرار ہوگئے۔

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA Quetta

روزنامہ صباء کوئٹہ

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اقوام متحدہ پر عالمی برادری کا اعتماد ختم ہو چکا، ایرانی وزیر خارجہ

جنرل اسمبلی کے پلیٹ فارم سے شہید رہبر، میناب اسکول کے شہید بچوں کی صدائے مظلومیت دنیا تک پہنچائی جائے گی، گفتگو

نیویارک (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ پر عالمی برادری کا اعتماد ختم ہو چکا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے یہ بات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے قبل نیویارک پہنچنے کے موقع پر کی۔ عباس عراقچی نے کہا کہ یہ دورہ درحقیقت ایسے حالات میں ہو رہا ہے جو عملی طور پر اب بھی جنگ کی کیفیت میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فطری طور پر ہمارا بنیادی مقصد ایک بڑے عالمی پلیٹ فارم کو ایرانی عوام کے جائز موقف، حقوق اور مفادات کے دفاع کے لیے استعمال کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یو این جنرل اسمبلی کے پلیٹ فارم سے شہید رہبر، ایرانی عوام، شہدائے ایران، اور میناب پرائمری اسکول کے شہید بچوں کی صدائے مظلومیت دنیا تک پہنچائی جائے گی۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ عالمی امن وسلامتی کے قیام میں ناکامی کے باعث اقوام متحدہ اپنی ساکھ اور اعتماد کھو چکی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا آج ہونے والا اجلاس اعتماد کی بحالی کے عنوان کے تحت شروع ہونے جا رہا ہے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ یہ

41

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو بیف کے سی ای او خالد خاندانی سووینئر پیش کر رہے ہیں

خضدار میں پولیس تھانہ پر مسلح افراد کا حملہ، سیکورٹی فورسز جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، ایس او فائرنگ سے زخمی

خضدار (این این آئی) ضلع خضدار میں مسلح افراد کا تھانے پر حملہ، سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی کے دوران ایک پولیس آفیسر زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق منگل کو خضدار کے علاقے باغبانہ میں پولیس تھانہ پر مسلح افراد نے حملہ کر کے تھانے کی عمارت کو نقصان پہنچایا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز کا کوئیک رسپانس، ڈی آئی جی خضدار، ایس ایس پی خضدار، ایڈیشنل ایس پی، پولیس اور اے ٹی ایف کی بھاری نفری ایف سی کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئی۔ اس دوران باغبانہ جاتے ہوئے تھانہ سٹی ایس ایچ او منیر عالم ہتک کی نفری پر گھات لگا کر فائرنگ کی گئی۔

تنظیم مغلیہ بلوچستان کا اہم اجلاس، مرزا محمد عباس کو سردار نامزد کیا گیا

جلد دستار بندی کی تقریب منعقد کی جائے گی، عہدیداران اور اراکین کا اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ (اے این این) چیئرمین و اراکین تنظیم مغلیہ بلوچستان پاکستان کی جانب سے اعلامیہ جاری کیا گیا ہے کہ تنظیم مغلیہ بلوچستان پاکستان کا ایک اہم اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس میں تنظیم کے عہدیداران اور اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں بیگ راج کی تنظیم میں آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور ان کی قومی وسماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس کے دوران تنظیمی امور، مغل برادری کے اتحاد و یکجہتی اور آئندہ کے لائحہ عمل سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اس موقع پر مرزا شمشاد مغل کو تنظیم مغلیہ بلوچستان کا کوآرڈینیٹر مقرر کرنے کا باضابطہ اعلان کیا گیا۔ اجلاس میں شرکاء نے تنظیم کو مزید فعال اور منظم بنانے، مغل برادری کے باہمی رابطوں کو مضبوط کرنے اور برادری کے اجتماعی مسائل کے حل کے لیے موثر کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں تنظیم کی جانب سے متفقہ طور پر مرزا محمد عباس کو مغل قوم بلوچستان کا سردار نامزد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ مرزا محمد عباس کی بطور سردار نامزدگی کے سلسلے میں بہت جلد باقاعدہ دستار بندی کی تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں مغل برادری کی اہم شخصیات اور معززین شرکت کریں گے۔ شرکاء اجلاس نے امید ظاہر کی کہ مرزا محمد عباس اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے مغل برادری کے اتحاد، ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ اجلاس کے اختتام پر تنظیم مغلیہ بلوچستان پاکستان کے چیئرمین اور اراکین نے تمام عہدیداران اور برادری کے افراد کو باہمی اتحاد و اتفاق کے ساتھ تنظیم کے پلیٹ فارم کو مزید مضبوط بنانے کی اپیل کی۔

ڈھاڈر کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد ہلاک ہو گئے

بولان (این این آئی) ڈھاڈر کے نواحی علاقے مشکاف کشاری ڈیم کے قریب گزشتہ شب مبینہ طور پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعے میں جاں بحق ہونے والے نوجوانوں کی شناخت نوروز خان ولد شائل خان منگلوری سکنہ مشکاف اور مولا بخش ولد وڈیرہ محمد ابراہیم رانجھا سکنہ ڈھاڈر رند علی کے نام سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق دونوں نوجوان بٹیر کے شکار کے لیے کشاری ڈیم گئے تھے جہاں نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر انہیں فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ واقعہ کی خبر شہر میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔

کوئٹہ میں گوشت مہنگا فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی، 8 افراد گرفتار

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد امیر حمزہ بلو اور اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز احمد حسین نے سریکی روڈ، گولمنڈی چوک اور خدائے داد روڈ کے مختلف علاقوں میں گوشت کی قیمتوں اور سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ کارروائی کے دوران سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور مبینہ گراں فروشی پر 8 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ شہریوں کو مقررہ سرکاری نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول کارروائیاں جاری رہیں گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بلوچستان میں سپورٹس کے میدان آباد کرنے میں محکمہ کھیل مکمل طور پر ناکام ہو چکی

چیف سیکرٹری نے واضح ہدایات دی ہے کہ باہر ممالک جانے والوں کو کوئی رقم اور نہ ان کی مدد کرے کیونکہ یہ کھلاڑی خرچہ پر جو جاتے ہیں سیکرٹری کی سپورٹس کی تصدیق

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں سپورٹس کے میدان آباد کرنے میں محکمہ کھیل مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے کھیل کے میدان آباد نہ ہونے سے کھیل سے وابستہ نوجوانوں نے ایک بار پھر منشیات کی طرف راغب ہونے کا انکشاف جس سے خدشہ ہے کہ نوجوان نسل منشیات کے اس لعنت میں مبتلا ہو کر قوم اور اپنے والدین کے لیے بوجھ بنیں گے ساتھ میں سپورٹس کی جانب سے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے وہ کھلاڑی جس نے ہمیشہ صوبے اور اس ملک کا نام روشن کیا ہے اس پر بھی پابندی لگا کر محکمے کی جانب سے فنڈ نہ دینے کا فیصلہ کر لیا ہے واضح رہے کہ محکمہ کھیل ایک واحد ذریعہ ہے جو نوجوان نسل کو خوشی دیکر منشیات سے دور اور کھیل کی طرف راغب کر سکتی ہے لیکن بدقسمتی سے آج تک محکمہ کھیل نے ایسے کھلاڑیوں کو سپورٹ نہیں کیا گیا جو اصل کھیل سے تعلق رکھتے ہیں بلکہ ان لوگوں کو پروموٹ کیا جو کھیل کے نام پر رقم نکال کر بیرون ممالک کا دور کرتے ہیں اس وقت بلوچستان میں سب سے زیادہ مشہور کھیل فٹ بال ہے اگر بلوچستان کے حوالے سے کھلاڑیوں پر مشتمل ایک ٹیم بنا کر یہ پوری قوم کی نمائندگی کے ساتھ بلوچستان کے نام روشن کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں لیکن محکمہ کھیل نے فٹ بال پر بھی توجہ نہیں دی اور ساتھ میں دیگر کھیلوں پر بھی توجہ نہ ہونے کے برابر ہے پہلے بلوچستان میں ایک دو کے ایسے کھلاڑی جس نے صوبے کا نام روشن کیا گیا اس کو باہر ممالک بھجوا کر وہ اپنے صوبے و ملک کا نام اچھے نمبروں سے روشن کرتے تھے لیکن گزشتہ روز چیف سیکرٹری بلوچستان نے محکمہ کھیل کو ایک خط لکھا اور اس میں یہ ہدایت کی کہ بلوچستان سے جو کھلاڑی بیرون ممالک جا کر مختلف کھیلوں میں حصہ لیتے ہیں۔

اوستہ محمد شہر کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے خصوصی صفائی ستھرائی مہم کا آغاز کر دیا

اوستا محمد (اے این این) میونسپل کارپوریشن اوستا محمد کے میئر میر مظفر خان جمالی کی ہدایت پر چیف آفیسر سکندر علی تنیو کی نگرانی میں شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے خصوصی صفائی ستھرائی مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ میونسپل کارپوریشن کا عملہ شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، گلی محلوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے کاموں میں مصروف ہے۔ تفصیلات کے مطابق میئر میر مظفر خان جمالی نے شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید موثر بنانے اور شہریوں کو بہتر میونسپل سہولیات کی فراہمی کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی ہیں، جن پر عملدرآمد کرتے ہوئے چیف آفیسر سکندر علی تنیو نے میونسپل عملے کو متحرک کر دیا ہے۔ صفائی عملہ مختلف علاقوں میں سڑکوں اور گلیوں سے کچرا اٹھانے، کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے اور دیگر صفائی کے امور انجام دے رہا ہے۔

کوئٹہ: ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن [illegible] پولیو مہم میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بلوچستان [illegible] کو [illegible] دے رہے ہیں

بھارت کی ہٹ دھرمی پر مبنی پالیسی جنوبی ایشیا میں کشیدگی کی بڑی وجہ ہے، حریت کانفرنس

5 اگست 2019 سے، مقبوضہ علاقے کی خصوصی حیثیت کی منسوخی اور بڑے پیمانے پر سیاسی وانتظامی تبدیلیوں کے باعث کشمیریوں کی مشکلات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے

سرینگر (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ بھارت کا جموں وکشمیر پر مسلسل غیر قانونی قبضہ اور کشمیری عوام کے اقوام متحدہ کے تسلیم شدہ حق خود ارادیت کا احترام کرنے سے انکار کی وجہ سے کشمیر کا تنازعہ مسلسل حل طلب ہے اور جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کی کوششوں کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں ایک بیان میں کہا کہ بھارت کا ہٹ دھرمی پر مبنی رویہ اور جموں وکشمیر کے بارے میں اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد سے مسلسل انکار خطے میں جاری کشیدگی اور عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے۔ حریت ترجمان نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بھارت پر کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے دباؤ ڈالے، اور اس بات پر زور دیا کہ ایک آزاد اور غیر جانبدارانہ رائے شماری، جیسا کہ اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں میں کہا گیا ہے، تنازعہ کے پرامن حل کیلئے واضح روڈ میپ ہے۔ حریت ترجمان نے کہا کہ دہائیوں بعد بھی کشمیری اپنے حق خود ارادیت کے حصول کے منتظر

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چوہدری فواد کے پشتونوں کیخلاف مبینہ بیان اور انہیں ملک سے نکالنے کی بات کی شدید مذمت کرتے ہیں، محمد عرفان خلجی

کوئٹہ (اے این این) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد عرفان خلجی نے چوہدری فواد کے پشتونوں کے خلاف مبینہ بیان اور انہیں پاکستان سے نکالنے کی بات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے بیانات نہ صرف قومی یکجہتی کے لیے نقصان دہ ہیں بلکہ پاکستان کی تاریخ، جغرافیہ اور پشتون قوم کی لازوال قربانیوں سے لاعلمی کی عکاسی کرتے ہیں۔ محمد عرفان خلجی نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پشتون قوم کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ قیام پاکستان سے لے کر آج تک پشتونوں نے ملکی دفاع، امن، استحکام اور ترقی کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔

جے یو آئی (ف) کے سینیٹر عبدالشکور خان عیبزئی کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر چین جانے سے روک دیا گیا

نام اسٹاپ لسٹ میں شامل نہ ہونے کے باوجود آف لوڈ کیا گیا، پرواز روانہ ہو گئی جبکہ سینیٹر کو ایئرپورٹ سے باہر جانے کی بھی اجازت نہیں

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینیٹر عبدالشکور خان عیبزئی کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر ایف آئی اے حکام نے چین جانے سے روک دیا، جس کے باعث ان کی پرواز بھی مس ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر عبدالشکور خان عیبزئی چین روانگی کے لیے اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچے تھے، تاہم ایف آئی اے حکام نے انہیں بیرون ملک جانے سے روک دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سینیٹر کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل نہیں تھا، اس کے باوجود انہیں آف لوڈ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر عبدالشکور خان عیبزئی کو روکنے کی وجوہات تاحال واضح نہیں ہو سکیں اور ایف آئی اے حکام کی جانب سے بھی اس معاملے پر کوئی باضابطہ موقف سامنے نہیں آیا۔ سینیٹر عبدالشکور خان عیبزئی کی چین جانے والی پرواز بھی روانہ ہو گئی، جبکہ ذرائع کے مطابق وہ تاحال اسلام آباد ایئرپورٹ پر موجود ہیں اور انہیں ایئرپورٹ سے باہر جانے کی بھی اجازت نہیں دی جا رہی۔ اسٹاپ لسٹ میں نام شامل نہ ہونے کے باوجود سینیٹر کو بیرون ملک جانے سے روکے جانے کے معاملے نے سوالات اٹھا دیے ہیں کہ انہیں کس قانون، حکم یا ہدایت کے تحت آف لوڈ کیا گیا۔ تاہم اس حوالے سے حتمی صورتحال اور ایف آئی اے کا موقف سامنے آنے کے بعد ہی معاملے کی مزید وضاحت ہو سکے گی۔

صدر مملکت نے لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد راحیل کامران شیخ کا استعفیٰ منظور کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس محمد راحیل کامران شیخ کا استعفیٰ منظور کر لیا۔ جسٹس محمد راحیل کامران شیخ نے رواں ماہ لاہور ہائیکورٹ کے جج کے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا۔ دستیاب رپورٹ کے مطابق انہوں نے 4 ستمبر کو استعفیٰ دیا، جس میں انہوں نے مستقبل میں دیگر پیشہ ورانہ مصروفیات اختیار کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا۔ صدر مملکت کی جانب سے استعفیٰ منظور کیے جانے کے بعد جسٹس محمد راحیل کامران شیخ کی لاہور ہائیکورٹ کے جج کی حیثیت سے ذمہ داریاں باضابطہ طور پر ختم ہو گئی ہیں۔

شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس شہید کی شہادت عظیم دینی نقصان ہے، قاتلوں کی گرفتاری میں حکومتیں ناکام ہیں، جے یو آئی

بدقسمتی سے جید علمائے کرام کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، حافظ محمد یوسف

کوئٹہ، پشاور (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا حافظ محمد یوسف جمعیت علمائے اسلام تحصیل سنجاوی کے امیر مولانا محمد یوسف نائب امیر مولانا حافظ عبدالباقی مولانا حافظ محمد رمضان نے کہا کہ شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس شہید کی شہادت عظیم نقصان ہے جو نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے علمی و دینی طبقے کے لیے گہرے صدمے اور رنج و فکر یہ کا باعث ہے عالم اسلام کے لیے عظیم سانحہ ہے ان کے قاتلوں کی گرفتاری میں مرکزی وصوبائی حکومتیں ناکام ہو گئی بیان خیالات کا اظہار انہوں نے چارسدہ میں جمعیت علما اسلام کے مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن سابق ایم پی اے اور ممتاز عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس شہید کی المناک شہادت پر ان کے بڑے صاحبزادہ مولانا محمد انس سے تعزیت کے موقع پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ ایک نہایت افسوسناک اور دلخراش سانحہ ہے جو نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے علمی و دینی طبقے کے لیے گہرے صدمے کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک میں عرصہ دراز سے جید علمائے کرام اور دینی شخصیات کو مسلسل نشانہ بنایا جا رہا ہے مگر ان واقعات میں ملوث عناصر کی گرفتاری اور ان کی روک تھام کے لیے کوئی مؤثر اور سنجیدہ اقدام دیکھنے میں نہیں آیا۔

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر کو طلب، امن وامان اور تنظیمی امور پر غور ہوگا

دو ہزار سے زائد اراکین عمومی کو دعوت نامے جاری، تمام اراکین مقررہ وقت پر شرکت یقینی بنائیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی بین اللہ شمس، سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زادہ مشوانی نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر کو منعقد ہوگا جس میں جماعتی نظم و ضبط، تنظیمی امور، کوئٹہ میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور شہری مسائل سمیت اہم امور پر غور وخوض کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کے لیے دعوت نامے تیار کیے جا چکے ہیں جو متعلقہ یونٹوں کے ذریعے اراکین عمومی تک بروقت پہنچائے جائیں گے۔ اجلاس میں شرکت کے لیے دو ہزار سے زائد اراکین عمومی کو دعوت نامے جاری کیے جا چکے ہیں۔

کوئٹہ، ریلوے فائر مین کالونی کے مکینوں کا ہوٹلوں کے شور شرابے اور گندگی کیخلاف شدید احتجاج

رات گئے تک ہوٹلوں کا شور، گندگی اور مبینہ تجاوزات نے سکون برباد کر دیا، متعلقہ حکام فوری نوٹس لیں، مکینوں کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) ریلوے فائر مین کالونی کے مکینوں نے کالونی کے اندر اور اطراف ہوٹلوں کی مبینہ من مانی اور غیر ذمہ دارانہ سرگرمیوں پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہوٹلوں کے گاہکوں کی چیخ و پکار، زور زور سے ہنسنے اور رات گئے تک جاری رہنے والے شور شرابے نے رہائشی علاقے کا سکون مکمل طور پر برباد کر دیا ہے۔ مکینوں کے مطابق گھروں میں بیمار افراد، بزرگ اور دن بھر محنت مزدوری کر کے تھکے ہارے افراد موجود ہوتے ہیں، جنہیں رات کے وقت آرام اور سکون کی ضرورت ہوتی ہے، مگر ہوٹلوں کے گاہکوں کے شور اور ہنگامہ آرائی کے باعث مکینوں کے لیے گھروں میں بھی سکون سے رہنا مشکل ہو گیا ہے۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ہوٹلوں کا کچرا کالونی کے اندر پھینکے جانے سے نالیاں بار بار بند ہو جاتی ہیں، جبکہ طویل عرصے سے مناسب صفائی نہ ہونے کے باعث گندگی اور بدترین تعفن پھیل رہا ہے۔ ہوٹلوں کے گاہکوں کی جانب سے گھروں کے قریب پیشاب کرنے سے شدید بدبو اور غلاظت پیدا ہو رہی ہے، جس سے ماحول آلودہ اور بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔

ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں، نسیم الرحمن ملاخیل

تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور میڈیا کے تعاون سے ماحول دوست طرز زندگی کو فروغ دیا جائے گا، مشیر ماحولیات

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ صوبے کو درپیش ماحولیاتی چیلنجز جیسے فضائی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، جنگلات کی کمی اور آبی وسائل کے ضیاع سے نمٹنے کے لیے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے صنعتی اخراج پر قابو پانے، شجرکاری مہمات کو فروغ دینے اور شہری علاقوں میں ماحولیاتی بہتری کے لیے جدید اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمن خان ملاخیل نے مزید کہا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ماحولیاتی اہداف کا حصول ممکن نہیں، لہٰذا شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی مہمات کو وسعت دی جا رہی ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی نصیرآباد پولیس کی کارروائی، چابی چور سمیت 4 ملزمان گرفتار، 3 موٹر سائیکلیں اور غیر قانونی اسلحہ برآمد

کوئٹہ (اے این این) نصیرآباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چابی چور سمیت چار ملزمان کو گرفتار کر کے ڈکیتی میں چھینی گئی موٹر سائیکل سمیت تین موٹر سائیکلیں، ماسٹر چابی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی سٹی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران وحید ولد پھل خان، سفیر ولد عطور، سونا خان ولد راجہ خان اور عرفان ولد امیر بخش کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم وحید نقب زنی اور گھروں میں چوری کی وارداتوں میں ملوث اور مختلف مقدمات میں مطلوب تھا جس کے قبضے سے ماسٹر چابی برآمد ہوئی۔ ملزم سفیر کے قبضے سے بغیر لائسنس ٹی ٹی پسٹل بمعہ میگزین برآمد کیا گیا جبکہ سونا خان کو پولیس نے پیشہ ور مجرم قرار دیتے ہوئے بتایا کہ وہ تھانہ مجھو شوری کو مطلوب تھا۔ ملزم عرفان ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث بتایا گیا ہے۔

پیر لواری شریف پیر محمد صادق قریشی نقشبندی کی 74 ویں سالگرہ، کوئٹہ پریس کلب میں کیک کاٹ کر بھرپور انداز میں منائی گئی

کوئٹہ (اے این این) جماعت لواری شریف کے زیر اہتمام پیر آف لواری شریف حضرت پیر محمد صادق قریشی نقشبندی کی 74 ویں سالگرہ کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں جماعت لواری شریف کے مریدین، عہدیداران اور عقیدت مندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران کیک کاٹا گیا اور پیر محمد صادق قریشی نقشبندی کی دینی، روحانی اور سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں جماعت لواری شریف سے وابستہ یوتھ صدر غلام مرتضیٰ لاشاری، دیدار علی جمالی، شمشیر خان جمالی، ولدار جمالی شعیب جمالی، میر آفتاب جمالی، میانداد لاشاری، نیازل لاشاری، رحیم خان جمالی، منیر احمد، جمالی، کاشف علی، جمالی، کامران جمالی، منظور جمالی، شعیب لاشاری، واوا غلام میران جمالی، میجر جمالی، سمیت دیگر عہدیداران، کارکنان اور مریدین نے شرکت کی۔

بی وائی سی رہنما گل زادی بلوچ کو قتل کے مقدمے میں عمر قید کی سزا

کوئٹہ کی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت ون کا فیصلہ، جرم ثابت ہونے پر سزا سنائی گئی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ون کی عدالت نے بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کی رہنما گل زادی بلوچ کو قتل کے ایک مقدمے میں جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے مقدمے کی سماعت کے بعد دستیاب شواہد اور ریکارڈ کی بنیاد پر فیصلہ سناتے ہوئے گل زادی بلوچ کو عمر قید کی سزا سنائی۔ گل زادی بلوچ بی وائی سی کی رہنماؤں میں شامل ہیں اور ان کے خلاف بلوچستان میں مختلف مقدمات زیر سماعت رہے ہیں۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے عدالتی ریکارڈ میں بھی گل زادی بلوچ کا نام مقدمات میں موجود ہے۔ فیصلے سے متعلق مزید تفصیلات، مقدمے کی دفعات اور عدالت کی جانب سے سزا کی دیگر شرائط سامنے آنا باقی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی کی ہدایت پر مشرقی بائی پاس کے علاقے میں صفائی کی بڑی مہم مکمل

اسسٹنٹ کمشنر سریاب عزت اللہ کی زیر نگرانی بکرا منڈی اور بلوچ کالونی میں آپریشن، گندے پانی کی نکاسی اور کوڑا کرکٹ ہٹا دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے مشرقی بائی پاس کے علاقے میں صفائی کی ایک بڑی اور کامیاب مہم مکمل کر لی ہے۔ عوامی شکایات اور میڈیا پر چلنے والی رپورٹس کا فوری نوٹس لیتے ہوئے، اسسٹنٹ کمشنر سریاب اور اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ نے خود فیلڈ میں موجود ہو کر بکرا منڈی اور بلوچ کالونی کے مقام پر آپریشن کی نگرانی کی۔ اس موقع پر ریڈ کراس کے ایم سی میر محمود رند اور سریاب صفا زونل ٹیم کے منیجر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ آپریشن کے دوران مین شاہراہ پر کھڑے گندے پانی کی فوری نکاسی کو یقینی بنایا گیا، جبکہ روڈ کے کناروں پر پھیلا ہوا کوڑا کرکٹ ہٹا کر سڑک کو آمدورفت اور شہریوں کے لیے مکمل طور پر صاف کر دیا گیا۔

نصیرآباد۔ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد بتول اسد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کی صورتحال انتہائی گمبھیر، حکومت امن وامان اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے، حافظ محمد یوسف مسکانزئی

1 ربیع الاول کے مرکزی جلوس پر مبینہ پتھراؤ قابل مذمت، واقعے کے ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی جائے، سنی تحریک بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) سنی تحریک کوئٹہ ڈویژن کے ذمہ داران وعہدیداران کا ایک اہم تنظیمی اجلاس کلی نیچاری، قمبرانی روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت سنی تحریک بلوچستان کے صوبائی نائب صدر حافظ محمد یوسف مسکانزئی نے کی۔ اجلاس میں تنظیمی امور، بلوچستان کی موجودہ صورتحال، امن وامان، عوام کو درپیش مشکلات اور ملکی حالات سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی بحث ومباحثہ کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد رضوان قادری، صوبائی رہنما حافظ امیر بخش نیچاری، سنی تحریک کوئٹہ ڈویژن کے صدر محمد عرفان طارقی، کوئٹہ کے صدر امام الدین جان لہڑی، جنرل سیکرٹری مقبول احمد لہڑی، چلتن ٹاؤن کے حامد میر لہڑی، سنی تحریک کوئٹہ کے رہنما ماسٹر جمال الدین رئیسانی، علی اصغر نیچاری، تاج بھائی، کبیر احمد سومرو، محمد یاسر، شاہ زیب خان منگلوئی، غلام جیلانی منگلوئی سمیت دیگر ذمہ داران وعہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سنی تحریک بلوچستان کے صوبائی نائب صدر حافظ محمد یوسف مسکانزئی نے کہا کہ بلوچستان کی صورتحال انتہائی گمبھیر ہو چکی ہے۔

مساجد ومدارس دین اسلام کے قلعے، ان کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے، ذوالفقار طارقی

مساجد، مدارس اور علماء کے خلاف سازشوں کا سلسلہ ناقابل قبول ہے، ریاض حسین شاہ

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارقی قادری نے اپنے رفقاء کے ہمراہ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کے مہتمم اعلیٰ سید ریاض حسین شاہ جامعہ کے خطیب سید نیاض علی شاہ سے ملاقات کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مساجد ومدارس دین اسلام کے قلعے ہیں، ان کی حفاظت کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ہر دور میں سازش کے تحت مساجد ومدارس اور علماء کرام کے خلاف زہر افشانی کی جاتی رہی ہے، کبھی قادیانیت اور کبھی سیکولرزم کو پروان چڑھانے کی کوششیں کی جاتی ہیں، مگر علماء کرام ان تمام سازشوں کو بخوبی جانتے ہیں اور دینی اقدار کے خلاف کسی بھی سازش کو کبھی قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مساجد اور مدارس دین اسلام کی تعلیم وتربیت کے مراکز ہیں اور ان سے مسلمانوں کی دینی، اخلاقی اور روحانی وابستگی قائم ہے۔ ان اداروں اور علماء کرام کے خلاف منفی پروپیگنڈا کسی صورت درست نہیں، بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ دینی مراکز کا احترام اور ان کے مثبت کردار کو اجاگر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہر دور میں دین، مساجد، مدارس اور علماء کرام کے خلاف مختلف انداز میں سازشیں کی جاتی رہی ہیں۔ کبھی قادیانیت کے ذریعے اور کبھی سیکولرزم کو فروغ دینے کے نام پر دینی اقدار کو کمزور کرنے کی کوشش کی گئی۔

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (اے این این) صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 24 ستمبر 2026 (بروز جمعرات) بوقت صبح گیارہ تا ایک بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا۔ درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/ دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل/ گھر/ ای میل۔ واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/ فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایت کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔

ایران یمن میں حوثیوں کو اسلحہ فراہم کرنا اور ان کی حمایت بند کرے، 7 ممالک کا مطالبہ

سعودی عرب کے خلاف کارروائیاں، باب المندب کی بندش اور سعودی عرب پر حملے قبول نہیں، فرانسیسی سفیر

نیویارک (آن لائن) جی 7 ممالک کے وزرائے خارجہ نے ایران سے یمن میں حوثیوں کو اسلحہ فراہمی اور ان کی حمایت کرنا بند کرنے جبکہ فرانس نے حوثیوں سے فوجی کشیدگی ختم کر کے امن مذاکرات میں شامل ہونے کا مطالبہ کیا ہے۔ جی 7 ممالک کے وزرائے خارجہ نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایران یمن میں حوثیوں کو اسلحہ فراہم کرنا اور ان کی حمایت ترک کرے۔ جی 7 نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت بھی کی اور کہا کہ یمن میں سعودی حمایت یافتہ فورسز کے خلاف لڑائی میں حالیہ شدت خطے اور عالمی توانائی کے تحفظ کے لیے خطرہ ہے۔ حالیہ دنوں میں ہزاروں پناہ گزین یمن سے فرار ہو چکے ہیں، جب ایران کی حمایت یافتہ اس تنظیم نے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے میں مزید علاقہ اپنے قبضے میں لیے، ان میں آبنائے باب المندب کے قریب کے علاقے بھی شامل ہیں، جو عالمی تجارت کے لیے ایک اہم بحری راستہ ہے۔ یہ بیان نیویارک میں اقوام متحدہ کی سالانہ جنرل اسمبلی کے اجلاس سے قبل سامنے آیا ہے، جہاں ایران کے اعلیٰ حکام کی تقاریر

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

محکمہ صحت بلوچستان اور یونیورسٹی آف اوسلو کے درمیان ڈیجیٹل ہیلتھ کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (اے این این) محکمہ صحت، حکومت بلوچستان اور ناروے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کے درمیان بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، DHIS2 کے مؤثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (DHIS2 BHMIS) کی جانب سے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اباکر بلوچ جبکہ یونیورسٹی آف اوسلو کے HISP سینٹر کی جانب سے پروفیسر ڈاکٹر کرسٹن براتے نے دستخط کیے۔ یہ مفاہمتی یادداشت سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمن کی موجودگی اور نگرانی میں طے پائی۔ تقریب میں یونیسیف بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر عامر، بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی اور ہیلتھ سروسز ریفارمز یونٹ (HSRU) بلوچستان کے ڈاکٹر شاہ کو مینگل بھی موجود تھے۔ بلوچستان میں DHIS2 کے نفاذ، رپورٹنگ کمپلائنس میں بہتری اور نظام کو فعال و مؤثر بنانے میں یونیسیف پاکستان کا تعاون بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔

وندر: کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء معذور افراد میں کیش تقسیم کر رہی ہیں

محکمہ سوشل ویلفیئر عوامی فلاح و بہبود اور مستحق افراد کی معاونت کیلئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہا ہے، شگفتہ گل عمرانی

مستحق افراد کی مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ حکام اور اداروں کے ساتھ رابطہ رکھا جا رہا ہے

تربت (اے این این) اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شگفتہ گل عمرانی نے کہا ہے کہ محکمہ سوشل ویلفیئر عوامی فلاح و بہبود اور مستحق افراد کی معاونت کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہا ہے معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ خواتین، بچوں، بزرگوں، خصوصی افراد اور دیگر مستحق افراد کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے اور تعاون کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے اس کے ساتھ ساتھ سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام فلاحی مراکز میں دستیاب سہولیات کو بہتر بنانے اور مستحق افراد کو بروقت خدمات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے شگفتہ گل عمرانی نے کہا کہ عوامی شکایات اور مسائل کے ازالے کے لیے دستیاب وسائل کو موثر انداز میں استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ فلاحی اداروں کی کارکردگی اور انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستحق افراد کی مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ حکام اور اداروں کے ساتھ رابطہ رکھا جا رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر کے فلاحی منصوبوں کے ثمرات حقیقی مستحق افراد تک پہنچانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان کے پی آئیز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز کے مبینہ غیر قانونی اقدامات، پیپلز ریلوے ورکرز کی کال پر بلوچستان بھر میں تین روزہ یوم سیاہ منایا گیا

ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی 21 سال سے بغیر انتخابات چلائی جا رہی ہے، میر نسیم گشکوری

کوئٹہ (یو این اے) پیپلز ریلوے ورکرز کوئٹہ ڈویژن کی کال پر رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز بلوچستان کے مبینہ غیر قانونی اقدامات کے خلاف بلوچستان بھر میں تین روزہ یوم سیاہ منایا گیا ریلوے مزدور ایکشن کمیٹی نے بھی احتجاج کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے مختلف مقامات پر ریلوے ملازمین نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا پیپلز ریلوے ورکرز پاکستان کے مرکزی صدر میر نسیم گشکوری نے میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی کوئٹہ گزشتہ 21 سالوں سے باقاعدہ انتخابات اور آڈٹ کے بغیر چلائی جا رہی ہے رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز بلوچستان کی جانب سے سوسائٹی کے موجودہ انتظام کو ہر سال مزید ایک سال کی توسیع دی جاتی ہے جس کے باعث سوسائٹی کے معاملات میں شفافیت اور جواب دہی کے حوالے سے سنگین سوالات پیدا ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی کے رہائشی پلاٹس پر مبینہ طور پر کمرشل پلازے تعمیر کیے جا رہے ہیں جبکہ سوسائٹی کے معاملات طویل عرصے سے مستقل انتظامی ڈھانچے اور منتخب نمائندگی کے بغیر چل رہے ہیں سوسائٹی کے بائی لاز میں مبینہ طور پر غیر قانونی ترامیم کر کے ریلوے مزدوروں کی رکنیت کے حقوق متاثر کیے گئے ہیں۔

2022 کے تباہ کن سیلاب اور طوفانی بارشوں میں تحصیل بابا کوٹ میں بڑے پیمانے پر نقصانات، متاثرین تاحال ازالے کے منتظر

نصیرآباد (اے این این) نصیرآباد ڈویژن میں 2022 کے تباہ کن سیلاب اور طوفانی بارشوں کے دوران تحصیل بابا کوٹ میں بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے، تاہم سیلاب گزرنے کے کئی سال بعد بھی متاثرین اپنے نقصانات کے ازالے کے منتظر ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ اسلامک ریلیف کی جانب سے سیلاب متاثرین کے لیے گھروں اور کمروں کی تعمیر کے منصوبے شروع کیے گئے، تاہم شکایات سامنے آ رہی ہیں کہ تعمیراتی کام اور مالی معاونت کے لیے زیادہ تر چیئرمینز کا انتخاب نصیرآباد کے ہیڈکوارٹر کے گرد و نواح یا مبینہ طور پر من پسند اور سفارشی علاقوں سے کیا جا رہا ہے، جبکہ تحصیل بابا کوٹ کے حقیقی سیلاب متاثرین کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ تحصیل بابا کوٹ کے سیلاب متاثرین نے کہا ہے کہ سیلاب نے ان کے گھر، مال مویشی اور روزگار کے ذرائع تباہ کر دیے تھے، مگر کئی سال گزرنے کے باوجود انہیں مکمل طور پر بحالی اور امداد فراہم نہیں کی جا سکی۔

لورالائی، پانی کی قلت اور غیر قانونی کنکشنز کیخلاف کریک ڈاؤن، درجنوں کنکشن منقطع

ڈی سی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کا آپریشن، ٹینکر مافیا کے خلاف بھی سخت کارروائی کا فیصلہ

لورالائی (یو این اے) ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں پینے کے پانی کی قلت اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے سرکاری بورنگ لائن سے غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کنکشنز کے خلاف کارروائی اور ٹینکر مافیا کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے محکمہ پبلک ہیلتھ اور پولیس نفری کے ہمراہ گزشتہ تین روز سے اور باگی اور کوئٹہ روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے اب تک درجنوں غیر قانونی کنکشن منقطع کر دیے ہیں، جبکہ آپریشن مزید علاقوں میں بھی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق شہر کو فراہم کیے جانے والے پانی کی غیر قانونی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

لورالائی، انسداد پولیو مہم کا پہلا روز، اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کا مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ

پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا اولین ترجیح ہے، والدین بھرپور تعاون کریں، ندیم اکرم

لورالائی (یو این اے) پولیو مہم کے پہلے روز اسسٹنٹ کمشنر کے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کے دورے لورالائی میں 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے پہلے روز اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ کیا اور فیلڈ میں موجود پولیو ٹیموں کی کارکردگی، انتظامات اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے اور کوئی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کا مشترکہ وژن لورالائی کو پولیو وائرس سے پاک بنانا ہے، جس کے لیے والدین اور عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے۔

عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، شیخ زرک خان مندوخیل

عوام کو دہلیز پر سہولیات فراہمی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، ثمرات مل رہے ہیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام نے جو اعتماد کیا ہے اسے ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، ہمہ وقت عوام کے درمیان رہتا ہوں عوام کے مسائل حل کرنے سے دلی خوشی ملتی ہے عوام کو دہلیز پر سہولیات فراہمی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، ثمرات عوام کو مل رہے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں تعمیراتی کاموں کا جلد آغاز کیا جائے گا عوام کے مسائل سے اپنے آپ کو آگاہ کرنے کیلئے ہر لمحہ وقت عوام کے درمیان رہتا ہوں کیونکہ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم عوام کے مسائل سے خود کو باخبر رکھیں عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ وفاقی وصوبائی حکومتیں عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں اور بلوچستان کی ترقی وخوشحالی ان کی اولین ترجیح ہے کیونکہ جب بلوچستان خوشحال ہوگا تو پاکستان خوشحال ہوگا عوام ہم سے ہے اور ہم عوام سے ہیں۔

امریکی بحری حملے انسانیت کیخلاف جرائم کے زمرے میں آ سکتے ہیں، اقوام متحدہ

منشیات اسمگلنگ مسلح حملے کی قانونی تعریف پر پورا نہیں اترتی، اس لیے امریکا کو طاقت کے استعمال کا حق نہیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ماہرین نے منشیات اسمگلنگ کے شبہے میں کیریبین سمندر اور بحرالکاہل میں امریکی حملوں کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے انہیں انسانیت کے خلاف جرائم کے زمرے میں شامل کیے جانے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی اور انسانی حقوق کے خصوصی نمائندے بین سول کی جانب سے جاری کی گئی رپورٹ کے مطابق ستمبر 2025 سے اگست 2026 کے دوران امریکا نے بین الاقوامی پانیوں میں 68 کشتیوں کو نشانہ بنایا، جن میں کم از کم 223 افراد ہلاک ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق امریکا نے ان حملوں کو غیر ریاستی دہشت گرد گروہوں کے خلاف دفاعی کارروائی قرار دیا ہے، جبکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کانگریس کو بتایا ہے کہ یہ کارروائیاں دہشت گرد قرار دی گئی تنظیموں کے ساتھ مسلح تنازع کی عکاسی کرتی ہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ نے امریکی موقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی فوجی حملے بین الاقوامی قوانین اور زندگی کے حق کی خلاف ورزی ہیں اور ممکنہ طور پر انسانیت کے خلاف جرائم

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جامعہ گوادر کے مینجمنٹ سائنسز ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کا گوادر پورٹ اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ؛ طلبہ کو بندرگاہی امور، مالیاتی نظم و نسق اور اسٹریٹجک مینجمنٹ کے عملی پہلوؤں پر بریفنگ دی گئی

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
DAILY SABA-Quetta
روزنامہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

میں بڑا فیصلہ کرنے جارہا ہوں

ایران مشرق وسطی میں بدمعاشی کرتا تھا، اب نہیں کرسکتا، یقین ہے مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہوجائے گی، امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے، دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، کسی عالمی ادارے کو امریکی شہریوں کے خلاف کارروائی کی اجازت نہیں دیں گے اور امریکا اپنے شہریوں اور قومی مفادات کا ہر صورت دفاع کرے گا، امریکا اپنے فوجی اہلکاروں کو کسی بھی امریکا مخالف ٹریبونل کے نام نہاد اور نمائشی ٹرائلز کا نشانہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔ منگل کو یہاں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، امریکا آگے بڑھ رہا ہے اور امریکا کا مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج امریکا میں دنیا کے کسی بھی ملک سے زیادہ سرمایہ کاری ہورہی ہے، امریکی فوج دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، آج امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، امریکا میں آج 125 سال کے مقابلے میں قتل کی وارداتوں کی شرح کم ترین ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ لوگوں نے امن کی باتیں کیں، میں نے امن کا قیام ممکن بنایا، امریکا میں غربت کی شرح ریکارڈ سطح تک نیچے آ گئی ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران مشرق وسطی میں بدمعاشی کرتا تھا لیکن اب نہیں کرسکتا، ایران کسی صورت ایٹمی ہتھیار نہیں رکھ سکتا، ایران دنیا میں دہشتگردی کو پروموٹ کررہا تھا۔ ٹرمپ نے کہا کہ تہران سے معاہدہ کرنا چاہا لیکن ایران نے انکار کردیا، ایران کی دہشتگرد رجیم بہت برے طرز عمل کا مظاہرہ کررہی ہے، ایران کا برا طرز عمل اس لیے نہیں کہ وہ طاقتور ہیں بلکہ اس لیے کہ وہ کمزور ہوگئے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران کی معیشت تباہ ہوچکی اور اب وہاں مہنگائی 300 فیصد ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایران دیکھنا چاہتے ہیں کہ مڈٹرم الیکشن میں میری پوزیشن کیا رہتی ہے، ایرانیوں کو احساس نہیں کہ میں تو مڈٹرم الیکشن میں لڑ ہی نہیں رہا۔ امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ امریکی بحریہ نے آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل تیل نکلوایا ہے۔ انہوں نے جنرل اسمبلی اجلاس سے خطاب میں ایک بار پاکستان اور بھارت کی جنگ ختم کرانے کا ذکر کیا۔ اپنے خطاب میں ٹرمپ نے تمام ممالک سے اپیل کی کہ وہ بین الاقوامی فوجداری عدالت سے نکل جائیں۔

راستوں کی بندش، سیاست یا دہشتگردی؟

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

اسلام کی کون سنتا ہے اس کے داعی اور موید بھی نہیں، لیکن ریاست کا حکم تو اب ماننا ہی پڑے گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ایک نہیں تین رکنی بینچ کا متفقہ فیصلہ ہے کہ کسی سیاسی جماعت یا ریاستی ملازم کو سڑکیں بند کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ وزرائے اعلیٰ یہ یقینی بنائیں کہ اس کام میں نہ تو سرکاری مشینری استعمال ہو اور نہ ایسے کسی حکم پر عمل ہو "موتیوں میں تولنے کے لائق اس فیصلے کو جولوگ حسب عادت (بد) سیاسی اور یک طرفہ کہیں گے ان کے حق میں دعا کیجیے۔ پہلے بھی ضروری تھا اور اب تو اشد ضروری ہے کہ پارلیمان اس فیصلے کی روشنی میں قانون سازی کرے اور بزور قوت راستے بند کرنے والوں کو دہشت گرد قرار دے کر ان سے کوئی رعایت نہ کرے۔ سیاسی احتجاج کے نام پر ہم نے کیا نہیں بھگتا؟ وزرائے اعلیٰ حملہ آور جتھوں کے ساتھ مار دھاڑ کے لیے اسلحہ، ہتھوڑے، کلہاڑے، قینچی املاک کاٹنے کو لیزر کٹر اور جانے کیا کیا لاتے رہے اور یہ کچھ عدالتی چھتری تلے آزادی اظہار کے نام پر ہوا۔ بلاشبہ ہم پر اللہ کی کوئی خاص عنایت ہے۔ اخلاقی تنزل اتنی پست سطح پر جا پہنچا ہے کہ اب کوئی ایک سیاسی جماعت نہیں بچی جو راستوں کی بندش سے کم کسی مہذب نہ سہی، معقول احتجاجی طریقے پر راضی ہوتی ہو۔ رکن جماعت اسلامی قاری عبدالرزاق مرحوم نے مجھے بتایا تھا کہ سید مودودی رحمہ اللہ کو سزائے موت سنائی گئی تو جماعتی احتجاج کی ایک جھلک یوں تھی۔ " کوئی غیر ملکی رہنما دورے پر پاکستان آئے تو حکومت نے جماعت کے متوقع احتجاج کے پیش نظر دفعہ 144 لگا دی. جماعت نے مختلف نعروں پر مبنی (جیسے مولانا مودودی کو رہا کرو وغیرہ) پوسٹر اپنے کارکنان کو دیے۔ تمام کارکنان ایئرپورٹ تا گورنر جنرل ہاؤس سڑکوں پر کھڑے رہے۔ وہ بولے بغیر یہ پوسٹر لہراتے رہے۔ روزمرہ زندگی معمول کے مطابق رواں رہی، کوئی گاڑی نہیں رکی، کوئی مریض بے بس ولاچار نہیں ہوا۔ کسی پر انگلی اٹھائے بولے اور قانون کی خلاف ورزی کیے بغیر دنیا کو یوں دیا گیا پیغام اور احتجاج اتنا موثر تھا کہ حکومت سناٹے میں آ گئی، خبر دنیا بھر میں نشر ہوئی کہ غیر ملکی مہمان اکیلا دکیلا تو نہیں آیا تھا اس کے قافلے میں وزرا اور اخبار نویس بھی تھے۔ کیا تمام (جی ہاں تمام) سیاسی جماعتیں عقل سے مطلقاً خالی ہو چکی ہیں؟ راستے بند کرنے پر کیا عوام ان سے ہمدردی کریں گے اور انہیں ووٹ دیں گے؟ میں نے تو یہ حرکت کرنے والوں پر لوگوں کو لعنت بھیجتے اور بد دعائیں دیتے سنا. راستے بند کرنے والے لوگ تحریر کا اگلا حصہ تبھی پڑھیں کہ جب وہ پیغمبر اعظم کی نبوت پر ایمان رکھتے ہوں۔ ورنہ انہیں کوئی افاقہ نہیں ہوگا، وہ ابلیس کی پوجا جاری رکھیں گے۔ ابو داؤد نے صحابی رسول کی ایک حدیث کچھ ان الفاظ میں نقل کی ہے: "میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ میں شریک ہوا جہاں لوگوں نے پڑاؤ کی جگہ تنگ کر کے راستے بند کر دیے۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منادی کرائی کہ جس نے پڑاؤ کی جگہ تنگ کی یا راستہ بند کیا اس کا کوئی جہاد نہیں۔ " یہ امتناع جہاد جیسی افضل عبادت اور زندگی یا موت کے سوال کے وقت راستے بند کرنے پر ہے۔ علاوہ ازیں بھی یہاں راستے بند کرنے کا کوئی تصور نہیں ہے۔ ناگزیر حالت میں راستے میں بیٹھنے کے بھی آداب ہیں جن پر عمل بہرحال لازم ہے۔ سوال ہوا: " حضور، راستے میں بیٹھنا ضروری ہو تو کیا کیا جائے "؟ (جیسے گلی محلے میں موت فوت اور شادی بیاہ پر ہوتا ہے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "(1) جب نگاہیں نیچی رکھنا، (2) گزرنے والوں کو تکلیف مت دینا، (3) سلام کا جواب دینا (اس عالم میں بھی)، (4) نیکی کا حکم دینا اور (5) برائی سے روکتے رہنا " یہ قواعد راستہ بند کرنے کے نہیں بامر حاجت راستے میں بیٹھنے کے ہیں۔ گویا راستے پر بیٹھنا ناگزیر ہو تب بھی لوگوں کا آنا جانا قطعاً بند نہ ہو۔ بندش کو چھوڑیے، الہامی فکر میں رستہ صاف کرنے پر انعام کا وعدہ ہے۔

''میں اور عرفان بھائی''

مجیب الرحمٰن شامی

ڈاکٹر شاہد صدیقی، جو ایک نامور معلم، محقق اور نثر نگار ہونے کیساتھ ساتھ سینیٹر عرفان صدیقی مرحوم کے چھوٹے بھائی بھی ہیں نے ''میں اور عرفان بھائی'' کے زیرعنوان اپنی یادداشتیں کتابی صورت میں مرتب کی ہیں۔ وہ اپنے بڑے بھائی کی انگلی پکڑ کر آگے بڑھے اور بڑھتے ہی چلے گئے۔ اب ان کی یادوں کا عصا تھامے زندگی کا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ انہوں نے ''اصحاب عرفان'' کو بھی شریک سفر کر لیا ہے۔ ان کے بقول: ''یہ بھائی عرفان صدیقی سے جڑی یادوں کی کہانی ہے جو ان شب و روز کے گرد گھومتی ہے جو کبھی لوٹ کر نہیں آئیں گے۔ یہ ایک ماں کے خواب کی تعبیر کی داستان ہے جس کی خواہش تھی کہ اس کے بچے اعلیٰ تعلیم حاصل کریں اور (اپنے اپنے شعبوں میں) نام کمائیں۔ یہ اس بچے کی زندگی کا احوال ہے جس نے گاؤں کے ایک کچے گھر کے آنگن میں آنکھ کھولی اور سخت محنت سے زندگی میں اپنا مقام بنایا''۔ عرفان مرحوم کی پہلی برسی کے موقع پر زندہ بھائی نے اپنے زندہ و جاوید بھائی کے ساتھ گذارے شب و روز کی کہانی بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی شاعری اور نثر کے منتخب حصے بھی ہمیں یاد کرا دیے ہیں۔ وہ الفاظ جنہیں لکھتے لکھتے عرفان کی منزلیں طے ہوئیں اور ایک سکول ٹیچر، ایک ممتاز شاعر، نامور کالم نگار اور باوقار سیاستدان کے طور پر جانا اور مانا جانے لگا۔ عرفان صاحب نے جو کچھ حاصل کیا، اپنی والدہ کی دعاؤں کے سائے میں محنت، محنت اور محنت کرتے ہوئے حاصل کیا۔ وہ جتنی بھی سیڑھیاں چڑھے قلم کے سہارے چڑھے، قلم ہی کی چابی سے انہوں نے بند دروازے کھولے اور کچے مکان سے اونچے ایوان تک پہنچے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے سب سے بڑے ایوان، سینیٹ کے قائد چنے گئے۔ عرفان صاحب نے آٹھ دہائیاں ہمارے درمیان گذاریں، ان کی زندگی کی پہلی چار دہائیاں درس گاہوں میں گذریں۔ سکول ٹیچر کے طور پر سفر شروع کیا، کالج کے پروفیسر بنے، ان کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں نہیں ہزاروں میں ہوگی۔ سرسید کالج میں تعلیم حاصل کرنے والے بڑے بڑے عہدوں تک پہنچے، یہاں تک کہ ایک (قمر جاوید باجوہ) چیف آف آرمی سٹاف بنے اور اس کے بعد انہوں نے اہل سیاست کو تگنی کا ناچ نچایا۔ ایک وقت ایسا تھا کہ لیفٹیننٹ جنرل قمر جاوید باجوہ نے عرفان صدیقی کو ڈھونڈا، اپنا استاد ٹھہرایا، ماضی یاد دلایا اور اپنا مستقبل سنوارنے میں کامیاب ہو گئے۔ بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ عرفان صدیقی وزیراعظم نواز شریف کے کانوں میں سحر نہ پھونکتے تو قمر جاوید باجوہ کا جادو سر چڑھ کر نہ بول سکتا۔ باجوہ کے ساتھ کیا ہوا اور پھر انہوں نے اپنے محسنوں کے ساتھ کیا کیا، اس سے قطع نظر ان کی بلندی، درجات، ان کے استاد کے بلند درجے کا پتہ بہرحال دیتی ہے۔ شاہد صدیقی صاحب نے اپنے بھائی کی اور اپنی جو کہانی ہمیں سنائی ہے، اس میں نہ تو کوئی مبالغہ ہے، نہ افسانہ۔ عرفان صاحب پر قسمت کیسے مہربان ہوتی گئی، وہ صحافت کے ایوانوں میں کیسے پہنچے اور ان کا نام وہاں کیسے گونجنے لگا، ایوان صدر تک رسائی کیسے ہوئی، صدر رفیق تارڑ نے کس طرح انہیں ''رفیق حیات'' بنایا، نواز شریف کے ساتھ رشتہ، محبت کیسے استوار ہوا، میدان سیاست ان کی راہ میں کیسے بچھا، اس کی سطر سطر تفصیل محفوظ کر دی گئی ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ ان چند صحافیوں میں تھے، جو باقاعدہ سیاستدان کہلائے۔ اقتدار سے لطف اٹھایا اور اختلاف کا مزہ بھی چکھا۔ کوئے یار میں برسوں گذارے تو ''سردار'' جاتے بھی نظر آئے لیکن اس تمام عرصے میں ان کے اندر کا آدمی متاثر ہونے نہیں پایا۔ اترائے، نہ گھبرائے۔ اقتدار سے لطف اندوز ہوتے ہوئے بھی انکساری اور ملنساری ان کا پہرہ دیتی رہی، اور عمرانی اقتدار سے اختلاف کرتے ہوئے بھی ان کے قدم نہیں ڈگمگائے۔ مسلم لیگ (ن) کو ایسے دانشور بھی نصیب ہوئے جنہوں نے دن بدلتے ہی آنکھیں بدل لیں لیکن عرفان صدیقی نے مسلم لیگ (ن) کا انتخاب کیا تو پھر اسی ہی کے ہو رہے۔ پیچھے مڑ کر دیکھا، نہ ادھر ادھر جھانکا۔ وہ سینٹ کی پارلیمانی پارٹی کے لیڈر تھے، قائد ایوان تھے، خارجہ تعلقات کمیٹی کے سربراہ بھی رہے لیکن قلم کا ساتھ نہیں چھوڑا، اس کی آبرو برقرار رکھی، اور اس ہی کے ذریعے نواز شریف کے دل میں گھر بنائے رکھا۔ جناب اعجاز الحق سے لیکر جناب رفیق تارڑ اور جناب نواز شریف کی درجنوں تقریریں لکھی ہوں گی۔ صدر مملکت اور وزیراعظم کے باقاعدہ تقریر نویس بھی رہے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو اور میاں نواز شریف کے درمیان طے پانے والے میثاق جمہوریت کی نوک پلک درست کرنے میں بھی کردار ادا کیا، لیکن اپنے آپ کو زمین ہی پر رکھا۔ آسمانوں کی سیر کا شوق تو پالا لیکن اڑان بھر کر واپس آتے اور اپنے قدم اپنی زمین پر ٹکا دیے۔ میری ان سے اولین ملاقات برادر عزیز اعجاز الحق کے ذریعے ہوئی تھی کہ جنرل ضیاء الحق کی شہادت کے بعد قائم کی جانے والی "ضیاء الحق فاؤنڈیشن" میں انہیں اعجاز صاحب کے مشیر کا درجہ حاصل تھا۔ وہ کچھ ہی دیر پہلے ریٹائرمنٹ لیکر آزاد دنیا کے باسی بن چکے تھے۔ اعجاز الحق سمندر پار پاکستانیوں کے وزیر بنے، تو عرفان صاحب نے اوورسیز فاؤنڈیشن میں ڈائریکٹر ایجوکیشن کا منصب سنبھالا۔ یہیں سے صحافت اور سیاست کے دروازے ان پر کھلے اور کھلتے چلے گئے۔ کالم نگاری شروع کی تو کالم نگاروں کی صف اول ان کے بغیر مکمل نہیں ہوتی تھی۔ انٹرویو نگاری میں بھی کمال پیدا کیا، افغانستان پر امریکی حملے کے بعد تو ان کا قلم تلوار بن گیا۔ اہل وطن کی ترجمانی کا حق ادا کیا اور پورے پاکستان میں ان کا نام گونجنے لگا۔ پاکستان کی تاریخ ان لوگوں سے بھری پڑی ہے جنہوں نے غربت میں آنکھ کھولی اور اعلیٰ مناصب تک پہنچے، جرنیل، بیوروکریٹ اور سیاستدان بنے۔ مقام بنایا اور نام بھی کمایا لیکن بہت کم ایسے ہیں جنہوں نے اپنی غربت کو یاد رکھا۔ اس پر فخر کرتے رہے اور نوجوانوں کو موٹیویٹ کرنے کا ذریعہ بنے۔ عرفان صدیقی اس صف میں نمایاں نہیں نمایاں تر تھے، ان کی زندگی کی کہانی نوجوانوں میں اعتماد پیدا کرے گی، اپنے آپ پر بھروسہ کرنے اور محنت کے ذریعے مقام بنانے کا جذبہ جواں رکھے گی۔ ان کی داستان حیات ''قومی ترانے'' کی طرح ہے جو سننے والے کو اپنی نشست پر بیٹھنے نہیں دیتا، اٹھ جانے اور منزل مراد کی طرف قدم بڑھانے پر مجبور کرتا ہے۔ قوم، ملک، سلطنت، پائندہ و تابندہ باد۔ ڈاکٹر عارف ریاض قدیر 83 برس گذار کر اس دنیا سے رخصت ہوئے ہیں تو بے شمار گھروں کو ویران کر گئے ہیں۔ ان کا ایک امتیاز تو یہ تھا کہ وہ ڈاکٹر ریاض قدیر کے بیٹے تھے، پاکستان کے ابتدائی سالوں میں وہ ایک ممتاز معالج کے طور پر جانے جاتے تھے۔ انہوں نے نوزائیدہ مملکت میں صحت کے ڈھانچے کو مضبوط بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا، ڈاکٹر عارف کا نکاح مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی بیٹی عائشہ بی بی سے ہوا، اس نسبت نے انہیں ممتاز تر کر دیا۔ وہ ذیابیطس کے ایک بڑے معالج کے طور پر معروف ہوئے۔ اپنا ہسپتال بھی قائم کیا اور دن رات مریضوں کی خدمت کرتے رہے۔ کم وسیلہ لوگ ان کی توجہ کا خصوصی مرکز تھے، انہیں ادویات بھی اپنے پاس سے فراہم کر دیتے۔ نماز جنازہ ادا کرنے کے لئے جمع ہونے والے ہزاروں افراد میں سے اکثر ان کی غریب پروری اور مسیحائی کی شہادت دے رہے تھے۔

ایک سوال جس کا جواب نہیں مل رہا

نسیم شاہد

اسلام آباد میں ایک مرتبہ پھر کنٹینرز تھراپی کا استعمال جاری ہے۔ سنا ہے ہزاروں کنٹینرز شہر کے مختلف حصوں میں لگا دیے گئے ہیں۔ اب تو نئی ترکیب بھی نکالی گئی ہے اور کیلوں والے کنٹینرز بھی رکھ دیے گئے ہیں۔ ہمارے بہت دوست اسلام آباد میں رہتے ہیں، ان میں ادیب و شاعر، بیوروکریٹس، کاروباری، اور تعلیمی شعبے سے تعلق رکھنے والے، غرض ہر طبقے والے دوست شامل ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ آئے روز کی اس کنٹینرز تھراپی نے ہمیں بیمار کر دیا ہے، کچھ پتہ نہیں ہوتا کل صبح سو کے اٹھیں گے تو کون سا راستہ بند ہوگا، دفتر پہنچ بھی سکیں گے یا نہیں، اس حوالے سے کتنے ہی حکم جاری ہو چکے ہیں، عدالتی بھی اور انتظامی بھی، تاہم اسلام آباد پر چڑھائی نہیں رک رہی۔ چڑھائی میں کامیابی ہو یا نہ ہو، شہر ضرور بند کرانے میں کامیابی مل جاتی ہے۔ سنا ہے بیس سے ستائیس ستمبر تک لانگ مارچوں کا ایک سلسلہ ہے جو اسلام آباد کی طرف رخ کرے گا۔ جماعت اسلامی بھی پہنچ رہی ہے اور کسان تحریک والے بھی، تاہم حکومت کو سب سے زیادہ فکر تحریک انصاف سے رہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پریس کانفرنس بھی تحریک انصاف کے خلاف کی ہے اور کچھ زیادہ ہی سخت وارننگ دے ڈالی ہے۔ سیاسی اپروچ کا فقدان اور اشتعال بڑھانے والے بیانات پر زور ہے، ان کا یہ کہنا خاصا سخت ہے کہ جوانوں کو کہہ دیا ہے، گولی چلے تو جواب دینا، یہ کہنے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ قابل فہم بات ہے کہ کوئی فورسز کو نشانہ بنائے گا تو جواب میں پھول تو پیش نہیں کیے جائیں گے ایسی باتیں کسی تحریک کو انگیخت کرتی ہیں کم نہیں۔ بیانیہ یہ ہوتا تو بہت اچھا تھا کہ تحریک انصاف دیواروں سے سر پھوڑنے کی بجائے مذاکرات کی میز پر آئے اور مسائل کا سیاسی حل نکالنے پر توجہ دے تاہم قانون کو ہاتھ میں لیا گیا تو وہ اپنا راستہ خود بنائے گا، جب بھٹو کے خلاف تحریک چل رہی تھی تو اپوزیشن اس وقت انہیں نفسیاتی طور پر توڑنے میں کامیاب رہی تھی جب انہوں نے ٹی وی پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا۔ میں کمزور ہوسکتا ہوں مگر جس کرسی پر میں بیٹھا ہوں، وہ بہت مضبوط ہے، کوئی کسی خوش فہمی میں نہ رہے۔ اس کے بعد کیا ہوا وہ کرسی مضبوط نہ رہی اور بالآخر بعد کے واقعات انہیں تختہ دار کی طرف لے گئے وہ یہ دھمکی دے کر مذاکرات کی طرف گئے، مگر بہت دیر ہوچکی تھی۔ اب یہ عجیب صورت حال ہے کہ حکومت کو جماعت اسلامی کے اسلام آباد آنے سے کوئی خطرہ نہیں، کسان اتحاد والے ہزاروں کی تعداد میں آ جائیں کوئی مسئلہ نہیں، مگر تحریک انصاف والوں کی بات آئے تو بات کہاں سے کہاں پہنچ جاتی ہے۔ خرابی آخر کہاں ہے؟ مسئلہ آخر کہاں اٹکا ہوا ہے۔ یہ ملک اور اسلام آباد کو کس مصیبت میں ڈال دیا گیا ہے۔ یہ چڑھائی کی باتیں اور یہ بزور طاقت پسپائی کے دعوے ہمیں کدھر لے جارہے ہیں؟ اس کا کوئی حل کیوں نہیں ڈھونڈا جاتا۔ کوئی سیاسی حل کوئی بات چیت کا راستہ، یہ سلسلہ کب تک چلے گا اور اسلام آباد کو فتح کرنے یا فتح نہ ہونے دینے کے درمیان کشمکش کب تک بے یقینی کو جنم دیتی رہے گی؟ میں نے بہت سے لوگوں کو اس حوالے سے تشویش میں مبتلا دیکھا ہے کہ 27 ستمبر خیر خیریت سے گذر جائے۔ یہ دن کسی جنون کی نذر نہ ہو جائے، اس سے پہلے ہی ڈیڈ لاک ختم ہو اور گولیوں کی دھمکی اور اسلام آباد پر یلغار کی باتوں سے ہٹ کر درمیانی اور سیاسی راہ نکالی جائے۔ اس وقت تحریک انصاف ایک نوجوان پرجوش وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے رحم و کرم پر ہے۔ اس کی سنجیدہ اور سینئر قیادت کو خوفزدہ کر کے گھر بٹھا دیا گیا ہے۔ یہ کوئی کامیاب حکمت عملی نہیں، پھر تو وہی نتیجہ نکلے گا جس کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ حکومتی حلقوں کی طرف سے دھمکیوں پر انحصار کرنے کی بجائے مذاکرات کی کوئی سنجیدہ پیشکش کی جائے، اس سے پہلے اگر سپریم کورٹ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے عمران خان کو ہسپتال شفٹ کر دیا جائے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں، کم از کم ایک بڑا ڈیڈ لاک ختم ہو جائے گا اور وہ تناؤ جو اس وقت ایک بڑے خطرے میں ڈھل چکا ہے اس میں بڑی حد تک کمی آ جائے گی، غصہ اور انا کی زنجیروں کو کاٹ کر اگر تھوڑا کشادہ دل کے ساتھ دونوں طرف لچک پیدا کی جائے تو کسی اور بڑے سانحے سے بچا جا سکتا ہے۔ اس یکطرفہ سوچ کو بدلنے کی ضرورت ہے کہ حالات خود بخود ٹھیک ہو جائیں گے، انہیں ٹھیک کرنا پڑے گا اور اس کے لئے زمینی حقائق کو دیکھ کر جرات مندانہ اور دوررس فیصلے کرنے ہوں گے۔ اسلام آباد جیسے ملک کے دارالخلافہ میں آئے روز کی یہ صورتحال دنیا بھر کے سفارت کاروں کو کیا پیغام دیتی ہے؟ زندگی جام ہونے کی صورت حال انہیں یہ تو بتاتی ہوگی کہ حالات پھر کسی تصادم کی طرف جارہے ہیں، یہ بات بھی ثابت ہوچکی ہے کہ عدالتی فیصلے ہوں یا انتظامی اقدامات وہ ایک پیدا ہونے والی بے یقینی کی فضاء کو نہیں روک سکتے۔ ایک لمحے کے لئے یہ فرض بھی کرلیا جائے کہ طاقت کے بل بوتے پر اسلام آباد کی طرف یلغار روک بھی دی جاتی ہے تو کیا یہ معاملہ ختم ہو جائے گا؟ پھر کچھ دنوں بعد ایک اور تاریخ دی جائے گی اور پھر یہی کنٹینرز ڈرامہ دہرایا جائے گا۔ خدا کے لئے پاکستان کے دارالحکومت کو تماشا نہ بنائیں اس کھیل میں ملک کا بڑا نقصان ہو رہا ہے۔ سرمایہ کاروں کو منفی پیغام ملتا ہے اور وہ ہاتھ کھینچ لیتے ہیں۔ پریشانی کا باعث یہ خیال بھی ہے کہ ملک کی سیاسی قیادت عنقا ہو گئی ہے، وہ سیاسی قیادت جو پیچ میں پڑے مسئلہ کا حل نکالے، مجھے چالیس سال پہلے خان گڑھ میں نواب زادہ نصراللہ خان سے ہونے والی ایک ملاقات یاد آ رہی ہے۔ ملتان کے چند صحافی ان سے ملنے گئے تھے، ملک میں ضیاء الحق کی حکومت تھی۔ خاصی کشیدہ فضا چل رہی تھی۔۔

ساتھی اداکار سے محبت ہوگئی تھی مگر معاملہ آگے نہیں بڑھ پایا، صبا قمر کا بڑا انکشاف

وہ اب شادی شدہ ہے اس لیے نام بتانا مناسب نہیں ورنہ ان کی اہلیہ کیلئے مسئلہ کھڑا ہوسکتا ہے، اداکارہ

لندن (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ صبا قمر نے اپنی زندگی سے متعلق دلچسپ انکشاف کرتے ہوئے بتایا ہے کہ چند سال قبل ایک فلم کی شوٹنگ کے دوران انہیں اپنے ساتھی اداکار سے محبت ہوگئی تھی۔ ڈیسکیمونیٹی جوائن کریں برطانیہ میں ایک چیریٹی ایونٹ کے دوران مداحوں سے ملاقات اور گفتگو کرتے ہوئے صبا قمر نے بتایا کہ یہ اداکار ان کے کسی ڈرامے کا ساتھی نہیں بلکہ تقریباً 4 سال قبل بننے والی ایک فلم میں ان کے ساتھ کام کر چکا ہے۔ صبا قمر نے اس شخص کا نام ظاہر کرنے سے گریز کرتے ہوئے مزاحیہ انداز میں کہا کہ وہ اب شادی شدہ ہے، اس لیے نام بتانا مناسب نہیں ہوگا، ورنہ اس کی اہلیہ کیلئے مسئلہ کھڑا ہوسکتا ہے۔ اداکارہ کے مطابق یہ سب اچانک ہوا تھا۔ انہوں نے اس بارے میں اپنی بھانجی سے بھی بات کی، جس نے انہیں سمجھایا کہ دونوں ایک ساتھ فلم کی شوٹنگ کر رہے تھے اور وہ بھی جنگل میں، اس لیے ممکن ہے اسی ماحول میں یہ جذبات پیدا ہو گئے ہوں۔ صبا قمر نے بتایا کہ بھانجی نے انہیں اس معاملے کو بھول کر زندگی میں آگے بڑھنے کا مشورہ دیا، جسے انہوں نے قبول کر لیا۔ اداکارہ کے اس انکشاف کے بعد سوشل میڈیا پر مداحوں نے اس نامعلوم ساتھی اداکار کے بارے میں قیاس آرائیاں شروع کر دی ہیں۔ وہ اب شادی شدہ ہے اس لیے نام بتانا مناسب نہیں ورنہ ان کی اہلیہ کیلئے مسئلہ کھڑا ہوسکتا ہے۔

کترینہ کیف کا وزن اور خوبصورتی پر تنقید کے بعد اہم بیان سامنے آگیا

صحت مند غذا، جسم میں سوزش کو قابو میں رکھنے کی کوشش، جسمانی طور پر متحرک رہنا اور مراقبہ معمول کا حصہ ہیں، انٹرویو

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف نے زچگی کے بعد جسم اور جلد میں آنے والی تبدیلیوں، صحت اور خوبصورتی کے بدلتے تصور پر کھل کر گفتگو کی ہے۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے ایک حالیہ انٹرویو میں کترینہ نے بتایا کہ حمل کے بعد ان کی جلد پہلے کے مقابلے میں زیادہ حساس ہوگئی تھی۔ ان کے لیے یہ ایک نیا تجربہ تھا اور انہیں یہ سمجھنے میں وقت لگا کہ کون سی مصنوعات ان کی جلد کے لیے موزوں ہیں۔ اداکارہ کے مطابق وہ ایسی مصنوعات استعمال کرنے کی کوشش کرتی ہیں جو جلد کو سکون اور تازگی فراہم کرنے کے ساتھ اسے بہتر محسوس کرائیں۔ کترینہ کیف نے اپنے کیریئر کے ابتدائی دنوں کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت خوبصورتی کے حوالے سے کئی مخصوص تصورات موجود تھے، تاہم وقت کے ساتھ ان کی سوچ میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے اب ان کے لیے خوبصورت نظر آنے کا مطلب صرف ظاہری شخصیت تک محدود نہیں بلکہ خود کو اندر سے صحت مند اور بہتر محسوس کرنا بھی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صحت مند غذا، جسم میں سوزش کو قابو میں رکھنے کی کوشش، جسمانی طور پر متحرک رہنا اور مراقبہ ان کے معمول کا حصہ ہیں۔ کترینہ نے اپنی روزمرہ زندگی کی ایک اور عادت کے بارے میں بتایا کہ وہ کوشش کرتی ہیں کہ صبح اٹھنے کے بعد تقریباً ایک گھنٹے تک فون سے دور رہیں اور صبح کی قدرتی روشنی حاصل کریں۔ ان کا کہنا تھا روزمرہ کی یہ عادات اس بات پر اثر انداز ہوتی ہیں کہ انسان خود کو کس طرح محسوس کرتا ہے، جس کا اثر بالآخر ظاہری شخصیت اور جلد پر بھی دکھائی دے سکتا ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ جب انسان خود کو صحت مند محسوس کرتا ہے تو اس کا اعتماد بھی قدرتی طور پر اس کی شخصیت میں نظر آتا ہے۔ کترینہ کیف اور اداکار وکی کوشل نے دسمبر 2021 میں قریبی اہل خانہ اور دوستوں کی موجودگی میں شادی کی تھی۔ دونوں کے ہاں نومبر 2025 میں پہلے بچے کی پیدائش ہوئی، جس کا نام ویہان رکھا گیا ہے۔

جنت مرزا کی اے آئی ویڈیو سامنے آگئی، ٹک ٹاکر نے خاموشی توڑ دی

اجازت کے بغیر اس کی تصویر یا چہرہ استعمال کر کے ایسی ویڈیوز بنانا خواتین کی عزت اور وقار کے لیے خطرہ بن سکتا ہے، جنت مرزا

کراچی (آن لائن) پاکستانی ٹک ٹاکر جنت مرزا نے مصنوعی ذہانت، یعنی اے آئی، سے تیار کردہ اپنی ایک ویڈیو پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی کی اجازت کے بغیر اس کی تصویر یا چہرہ استعمال کر کے ایسی ویڈیوز بنانا خواتین کی عزت اور وقار کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر جنت مرزا کی اے آئی سے تیار کردہ ایک ویڈیو گردش کر رہی ہے، جس میں انہیں ایک نامعلوم شخص کے ساتھ دکھایا گیا ہے۔ ویڈیو کے پس منظر میں گانا اچھی لگتی ہو بھی سنائی دے رہا ہے۔ جنت مرزا نے انسٹاگرام اسٹوری کے ذریعے ویڈیو پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ انہیں اس میں کوئی مزاح نظر نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ کسی کے چہرے کو استعمال کر کے اس طرح کی ویڈیوز بنانا انتہائی تشویش ناک ہے۔ ان کے مطابق آج ان کا چہرہ استعمال کیا گیا ہے، لیکن کل کسی بھی لڑکی کی تصویر یا چہرہ اسی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے، جس سے اس کی عزت اور وقار متاثر ہوسکتا ہے۔ جنت مرزا نے کہا کہ وہ خود سوشل میڈیا پر فعال ہیں، اس کے باوجود یہ ویڈیو دیکھ کر انہیں شدید بے چینی محسوس ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ان خواتین کے بارے میں سوچنا چاہیے جو سوشل میڈیا پر موجود ہی نہیں، کیونکہ ان کی تصاویر بھی ایسے طریقوں سے استعمال کی جا سکتی ہیں جن کے بارے میں انہیں علم تک نہ ہو۔ ٹک ٹاکر نے کہا کہ مصنوعی ذہانت ایک مفید ٹیکنالوجی ہے، تاہم حقیقی لوگوں کے بارے میں گمراہ کن یا نامناسب مواد تیار کرنے کے لیے اس کا استعمال حد سے تجاوز کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کسی کی اجازت کے بغیر اس نوعیت کا مواد تیار کرنے والوں کے خلاف موثر کارروائی کی جائے۔

سمے رائنا اور میدھا شنکر نے دسمبر میں شادی کی افواہوں کو مسترد کردیا

بے بنیاد شادی کی افواہوں کو نظرانداز کر رہی ہوں، میدھا شنکر

ممبئی (این این آئی) بھارتی کامیڈین سمے رائنا اور اداکارہ میدھا شنکر نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اپنی شادی کی افواہوں کو مسترد کر دیا۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم ریڈ اٹ پوسٹ میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ سمے رائنا اور میدھا شنکر دسمبر 2026 میں شادی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور اس وقت چھٹیوں پر ساتھ ہیں، پوسٹ میں مبینہ طور پر سمے کی والدہ سے گفتگو کا حوالہ بھی دیا گیا تھا، تاہم اس دعوے کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی۔ اس حوالے سے کامیڈین سمے رائنا نے انسٹاگرام پر شادی کی افواہ سے متعلق اسٹوری لگاتے ہوئے مزاحیہ انداز میں لکھا دسمبر میں تو میرا انڈیا ٹور ہے، معذرت میدھا، شادی ملتوی کرنا پڑے گی۔ انہوں نے پس منظر میں لتا منگیشکر کا گانا جھوٹ بولے کوا کاٹے بھی شامل کیا۔ میدھا شنکر نے اس پر ہنسنے والے ایموجیز کے ذریعے ردعمل دیا۔ میدھا شنکر نے بھی انسٹاگرام پر ایک گجرے کی تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ وہ بے بنیاد شادی کی افواہوں کو نظرانداز کر رہی ہیں۔ راس وقت چھٹیوں پر ساتھ ہیں، پوسٹ میں مبینہ طور پر سمے کی والدہ سے گفتگو کا حوالہ بھی دیا گیا تھا، تاہم اس دعوے کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی۔ اس حوالے سے کامیڈین سمے رائنا نے انسٹاگرام پر شادی کی افواہ سے متعلق اسٹوری لگاتے ہوئے مزاحیہ انداز میں لکھا دسمبر میں تو میرا انڈیا ٹور ہے۔

غزہ کی صورتحال تباہ کن اور ناقابل برداشت ہے، گلوکار ایڈ شیرن

غزہ میں معصوم شہریوں کی ہلاکتوں اور بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی نے میرا دل توڑ دیا

فلاڈیلفیا (این این آئی) معروف برطانوی گلوکار ایڈ شیرن نے غزہ کی صورت حال کو تباہ کن اور ناقابل برداشت قرار دے دیا۔ ایڈ شیرن نے فلاڈیلفیا کے لنکن نیشنل فیلڈ اسٹیڈیم میں اپنے کنسرٹ کے دوران غزہ میں معصوم فلسطینیوں پر جاری اسرائیلی مظالم پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ تباہ کن، ناقابل جواز اور نامناسب ہے۔ گلوکار نے کہا ہے کہ غزہ میں معصوم شہریوں کی ہلاکتوں اور بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی نے میرا دل توڑ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ میری موسیقی اور شوز اتحاد اور انسانیت کے بارے میں ہوں، سیاست کے بارے میں نہیں لیکن غزہ کی صورت حال پر میں مزید اپنے احساسات چھپا نہیں سکتا۔ واضح رہے کہ میکل مور نے 4 ستمبر کو نیو جرسی کے میٹ لائف اسٹیڈیم میں پرفارمنس کے دوران فلسطینیوں کے حق میں نعرے لگائے تھے جس کے بعد انہیں ایڈ شیرن کے بقیہ ٹور سے نکال دیا گیا تھا۔ بعدازاں اس حوالے سے ایڈ شیرن نے اپنے بیان میں واضح کیا تھا کہ میکل مور کو ٹور سے نکالنے کا فیصلہ میرا نہیں بلکہ ٹور کے منتظم کا تھا۔ میکل مور کو ٹور سے ہٹائے جانے کے بعد بعض دیگر معاون فنکاروں نے بھی ٹور سے علیحدگی اختیار کی تھی اور فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا تھا۔ گلوکار نے کہا ہے کہ غزہ میں معصوم شہریوں کی ہلاکتوں اور بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی نے میرا دل توڑ دیا ہے۔

ہندو انتہاپسند تنظیم کے دباؤ پر عمر خالد کے بارے میں دستاویزی فلم کی نمائش منسوخ

فلم ساز للت وچھانی کی ہدایت کاری میں بنائی گئی دستاویزی فلم "قیدی نمبر 626710 حاضر ہے"

بنگلورو (این این آئی) بنگلورو کی نیشنل لا اسکول آف انڈیا یونیورسٹی (NLSIU) میں جیل میں نظربند طالب علم رہنما عمر خالد پر بنائی گئی ایک دستاویزی فلم کی مجوزہ نمائش راشٹریہ سوائم سیوک سنگھ (RSS) کی طلبا تنظیم اکھل بھارتیہ ودیارتھی پریشد (ABVP) کے دباؤ پر منسوخ کر دی گئی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فلم ساز للت وچھانی کی ہدایت کاری میں بنائی گئی دستاویزی فلم "قیدی نمبر 626710 حاضر ہے" کی نمائش نیشنل لا اسکول آف انڈیا یونیورسٹی کی طلبہ تنظیم لا اینڈ سوسائٹی کمیٹی کی جانب سے کی جانی تھی۔ اے بی وی پی کے احتجاج کے بعد نمائش پہلے ہی انتظامی اور سیکیورٹی خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے ملتوی کر دی گئی تھی۔ اے بی وی پی نے تقریب کی سخت مخالفت کرتے ہوئے اسے منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ اگرچہ اے بی وی پی نے ہفتے کے روز دعویٰ کیا کہ نمائش منسوخ کر دی گئی ہے، تاہم لا اینڈ سوسائٹی کمیٹی کی جانب سے اس کی باضابطہ تصدیق تاحال سامنے نہیں آئی۔ ایک بیان میں اے بی وی پی بنگلورو نے کہا کہ وہ نیشنل لا اسکول آف انڈیا یونیورسٹی میں عمر خالد کے بارے میں دستاویزی فلم کی نمائش منسوخ کیے جانے کا خیر مقدم کرتی ہے۔ اے بی وی پی نے بھارتی وزیر قانون و انصاف ارجن رام میگھوال سے بھی مجوزہ نمائش کی تحقیقات کا حکم دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اے بی وی پی نے کہا کہ اعلیٰ قانونی و تعلیمی اداروں کو ایسے افراد کے نظریات کی تشہیر کا پلیٹ فارم نہیں بننا چاہیے جو ملک پر حملوں کو قابل فخر قرار دیتے یا جموں و کشمیر کی علیحدگی اور تقسیم کی حمایت کرتے ہوں۔ فلم کی نمائش کا معاملہ کرناٹک میں حکمران کانگریس کے رہنماؤں جن میں ریاستی صدر بی کے ہری پرساد بھی شامل ہیں اور اے بی وی پی و بھارتیہ جنتا پارٹی (BJP) کے درمیان لفظی جنگ کا باعث بھی بنا۔ ہری پرساد نے عمر خالد کو قوم پرست قرار دیا۔ عمر خالد کو فروری 2020 کے دہلی فسادات سے متعلق مقدمے میں ستمبر 2020 میں گرفتار کیا گیا تھا اور ان کے خلاف دیگر دفعات کے علاوہ غیر قانونی سرگرمیوں کی روک کے قانون (UAPA) کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بیٹی کو چھوڑ کر ایشین گیمز کیلئے جاپان روانگی، ماحور شہزاد آبدیدہ

2 سال 3 ماہ کی بیٹی سے پہلی جدائی زندگی کا مشکل ترین گذرہا ہے، پاکستان کی نمائندگی کیلئے قربانیاں دینا پڑتی ہیں، اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر

لاہور (این این آئی) اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر ماحور شہزاد ایشین گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کے لیے جاپان چلی گئیں۔ ماحور شہزاد نے پہلی مرتبہ 2 سال 3 ماہ کی بیٹی کو چھوڑ کر قومی سطح کی ذمے داری نبھانے کے لیے جانے کو اپنی زندگی کا مشکل ترین تجربہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نمائندگی کے لیے کھلاڑیوں کو سمجھوتے اور قربانیاں دینا پڑتی ہیں۔ ایشین گیمز کے لیے جاپان روانگی کے موقع پر اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر ماحور شہزاد نے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ 2 سال 3 ماہ کی بیٹی سے پہلی مرتبہ جدا ہو رہی ہوں، یہ میری زندگی کا مشکل ترین گذرہا ہے، پاکستان کی نمائندگی کے لیے سمجھوتہ کرنا اور قربانی دینا پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی کھلاڑی ماں کے لیے بچے کو چھوڑنا اور کھیل پر فوکس رکھنا آسان نہیں، میرے لیے یہ پہلا تجربہ ہے، میری والدہ حور العین میری بیٹی کا خیال رکھیں گی۔ اولمپئن ماحور شہزاد کا کہنا ہے کہ پاکستان کی نمائندگی میرے لیے باعث فخر ہے، اور اس اعزاز کے لیے کچھ بھی قربان کیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ ایشین گیمز کے بیڈمنٹن ایونٹ میں ماحور شہزاد اور محمد علی لاروش پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ ایشین گیمز کے لیے جاپان روانگی کے موقع پر اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر ماحور شہزاد نے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ 2 سال 3 ماہ کی بچی سے پہلی مرتبہ جدا ہو رہی ہوں۔

ایشین گیمز میں پاکستان کو پہلا میڈل مل گیا

سوفٹ ٹینس مکسڈ ڈبلز مقابلوں میں پاکستانی ٹیم کو چائنیز تائی پے، کوریا اور فلپائن سے بری طرح شکست ہوئی

ٹوکیو (این این آئی) ایشین گیمز 2026 میں پاکستان کو پہلا میڈل مل گیا۔ تفصیلات کے مطابق مکسڈ مارشل آرٹس سیمی فائنل میں کراچی سے تعلق رکھنے والے عاصم خان کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ رولز کے تحت عاصم خان برانز میڈل جیتنے میں کامیاب رہے جس کی میڈل تقریب (آج) منگل کو ہوگی۔ عاصم خان کے ساتھ گیمز میں ٹیم لیڈر کی ذمہ داریاں نبھانے والے ولادر خان نے بات کرتے ہوئے کہا کہ عاصم خان نے پاکستان کے لیے میڈل کا کھاتہ کھول دیا ہے، یقین ہے کہ باقی ایونٹس میں بھی پاکستان میڈلز جیتنے میں کامیاب ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ عاصم خان کا ایشین گیمز میں پہلا میڈل ہے تاہم وہ اس سے پہلے ورلڈ برانز میڈل اور ایشین سلور میڈل بھی اپنے نام کرنے کا اعزاز رکھتے ہیں۔ عاصم خان کی بدھ کو کراچی واپسی ہوگی۔ دریں اثناء پچاس میٹر فری اسٹائل میں سوئمر حمزہ آصف نے اپنی ہیٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کی تھی تاہم مجموعی نتائج میں ان کا نمبر تیسواں رہا۔ ٹرائی تھلون مکسڈ فائنل میں پاکستانی ٹیم کا آخری نمبر رہا۔ شاہ عارف، عنیقہ، مستقیت نور نے تین سو میٹر سوئمنگ، سات کلومیٹر سائیکلنگ، دو کلومیٹر رننگ مکمل کی، علی حسن مقررہ وقت میں یہ ایونٹ مکمل نہ کر پائے جس پر مجموعی رزلٹ این ڈی ایف قرار دیا گیا۔ کوچ عبدالغفار گجر کے مطابق وہ اپنے ایتھلیٹس کی پرفارمنس سے مطمئن ہیں، مجموعی رینک میں پاکستان کا چودھواں نمبر رہا۔ سوفٹ ٹینس مکسڈ ڈبلز مقابلوں میں پاکستانی ٹیم کو چائنیز تائی پے، کوریا اور فلپائن سے بری طرح شکست ہوئی۔ ٹیبل ٹینس ویمنز ٹیم گروپ میچ میں پاکستان روایتی حریف بھارت سے ہار گیا۔ یقین ہے کہ باقی ایونٹس میں بھی پاکستان میڈلز جیتنے میں کامیاب ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ عاصم خان کا ایشین گیمز میں پہلا میڈل ہے

جعلی کووڈ ویکسینیشن سرٹیفکیٹ، مشہور فٹبالر گرانیت شاکا کو سزا کا امکان

کووڈ-19 ویکسینیشن کے حوالے سے میں خود بہت تذبذب کا شکار تھا اور مجھے شدید تحفظات تھے، شاکا

لوسرن (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ کے فٹبال کلب سنڈرلینڈ کے کپتان گرانیت شاکا نے کووڈ-19 وبا کے دوران جعلی ویکسینیشن سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا اعتراف کرلیا۔ کھلاڑی کو اعتراف کے نتیجے میں بھاری جرمانے یا ممکنہ طور پر جیل کی سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ 33 سالہ سوئس کپتان نے لوسرن شہر کے پبلک پراسیکیوٹر دفتر کی جانب سے جاری فوجداری تحقیقات کے دوران اپنے ملک کے آئندہ نیشنز لیگ کے میچز سے دستبرداری اختیار کرلی ہے۔ یہ معاملہ اس وقت سامنے آیا جب یہ شبہ پیدا ہوا کہ لوسرن کی ایک خاتون ڈاکٹر نے بعض افراد کو ویکسین لگائے بغیر ہی ویکسینیشن سرٹیفکیٹس جاری کیے تھے۔ ڈاکٹر نے ان الزامات کی تردید کی ہے۔ تاہم شاکا نے انسٹاگرام پر جاری اپنے بیان میں اس معاملے میں اپنی غلطی کا اعتراف کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران ان کے ماضی سے متعلق ایک معاملے پر بہت کچھ رپورٹ کیا گیا ہے، وہ چاہتے ہیں کہ اس بارے میں ذاتی طور پر اپنا موقف بیان کریں۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت کووڈ-19 ویکسینیشن کے حوالے سے وہ خود بہت تذبذب کا شکار تھے اور انہیں شدید تحفظات تھے۔ انہیں ویکسین پر عدم اعتماد تھا اور وہ خوف اور بے یقینی کی کیفیت سے دوچار تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس جذباتی صورتحال میں، انہوں نے اپنے ان سوالات کے جوابات مناسب طریقے سے حاصل کرنے کے بجائے ویکسینیشن سرٹیفکیٹ حاصل کرلیا اور اب وہ واضح طور پر سمجھتے ہیں کہ یہ درست اقدام نہیں تھا، یہ ایک غلطی تھی اور انہیں اس پر افسوس ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اپنے فیصلے کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں، حقائق واضح کرنے کے لیے ہونے والی کارروائی کا سامنا کریں گے اور متعلقہ حکام کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے۔

کینیا کی ایگنس نگیتچ نے خواتین کی ہاف میراتھن کا عالمی ریکارڈ توڑ دیا

ایگنس نگیتچ نے دوڑ کے آغاز ہی سے برتری حاصل کرلی تھی اور اختتام تک اسے برقرار رکھا

نیروبی (این این آئی) کینیا کی ایتھلیٹ ایگنس نگیتچ نے کوپن ہیگن میں ورلڈ ایتھلیٹکس روڈ رننگ چیمپئن شپ کے دوران خواتین کی ہاف میراتھن کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق 25 سالہ نگیتچ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 21.1 کلومیٹر کا فاصلہ ایک گھنٹہ، 5 منٹ اور 15 سیکنڈ میں طے کیا اور سابق عالمی ریکارڈ صرف ایک سیکنڈ کے فرق سے توڑ دیا۔ سابق ریکارڈ بھی کینیا کی پیریس چیپچرچر نے 2020 میں قائم کیا تھا۔ ایگنس نگیتچ نے دوڑ کے آغاز ہی سے برتری حاصل کرلی تھی اور اختتام تک اسے برقرار رکھا۔ ان کی ہم وطن ویرونیکا لولیو 50 سیکنڈ کے فرق سے دوسرے نمبر پر رہیں۔ خواتین کی مجموعی ہاف میراتھن کا عالمی ریکارڈ ایتھوپیا کی لیٹسن بیٹ گیڈی کے پاس ہے جنہوں نے 2021 میں ایک گھنٹہ 2 منٹ اور 52 سیکنڈ میں دوڑ مکمل کی تھی۔ نگیتچ کے لیے رواں سال یہ ایک اور بڑی کامیابی ہے۔ اس سے قبل وہ جنوری میں ورلڈ کراس کنٹری چیمپئن شپ بھی جیت چکی ہیں۔ سابق ریکارڈ بھی کینیا کی پیریس چیپچرچر نے 2020 میں قائم کیا تھا۔ ایگنس نگیتچ نے دوڑ کے آغاز ہی سے برتری حاصل کرلی تھی اور اختتام تک اسے برقرار رکھا۔ ان کی ہم وطن ویرونیکا لولیو 50 سیکنڈ کے فرق سے دوسرے نمبر پر رہیں۔

ٹی 20 کپتانی کیلئے ذہنی طور پر تیار نہیں ہوں، شاداب خان

موجودہ کپتانی سلمان علی آغا کی حمایت کرتا ہوں، وہ بطور کپتان اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں، انٹرویو

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان نے کہا ہے کہ ٹی 20 کپتانی کے لیے ذہنی طور پر تیار نہیں ہوں۔ ایک انٹرویو میں پاکستان کے آل راؤنڈر شاداب خان نے فی الحال قومی ٹی 20 کپتانی سنبھالنے کے امکان کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس ذمہ داری کے لیے ذہنی طور پر تیار نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ کپتانی سلمان علی آغا کی حمایت کرتا ہوں، وہ بطور کپتان اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں اور انہیں خود کو منوانے کے لیے مزید وقت ملنا چاہیے۔ شاداب خان نے کہا کہ آئے روز کپتان تبدیل کرنے سے حالات بہتر نہیں ہوں گے، تسلسل بہت ضروری ہے۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ کرکٹ بورڈ کی جانب سے ٹی 20 کپتانی کے حوالے سے مجھ سے ابھی تک کسی نے رابطہ نہیں کیا ہے۔ واضح رہے کہ رواں سال کے اوائل میں ایسی خبریں سامنے آئی تھیں کہ بھارت اور سری لنکا میں ہونے والے 2026 کے ٹی 20 ورلڈ کپ میں ٹیم کی مایوس کن کارکردگی کے بعد سلمان علی آغا کو ٹی 20 کپتانی سے ہٹا کر شاداب کو کپتان بنایا جاسکتا ہے تاہم اب شاداب نے سلمان علی آغا کی حمایت کی ہے اور پاکستان کی ٹی 20 قیادت میں تسلسل کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ یاد رہے کہ آل راؤنڈر نے پہلی بار 2020 کے دورہ نیوزی لینڈ کے دوران ٹیم کی قیادت کی تھی جب کپتان بابر اعظم انجری کے باعث ٹیم سے باہر ہو گئے تھے پاکستان کو اس تین میچوں کی سیریز میں 1-2 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا، اس کے علاوہ وہ پی ایس ایل میں بھی وہ اسلام آباد یونائیٹڈ کی کپتانی کر چکے ہیں۔

سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیراہتمام پاک چائنیہ فرینڈ شپ گیمز کی بھرپور تیاریاں جاری

وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک، سیکرٹری سپورٹس فیصل الرحمٰن، ڈی جی سپورٹس طارق قریشی ممبران ہوں گے

لاہور (این این آئی) سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام پاک چائنیہ فرینڈ شپ گیمز کے کامیاب انعقاد کیلئے تیاریاں بھرپور انداز میں جاری ہیں، صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی سربراہی میں گیمز کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لئے 20 انتظامی کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں، صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر آرگنائزنگ کمیٹی کے کنوینر ہوں گے جبکہ وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک، سیکرٹری سپورٹس پنجاب فیصل الرحمٰن اور ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی نے کہا کہ پاک چائنیہ فرینڈ شپ گیمز کے کامیاب انعقاد کیلئے 20 انتظامی کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں، گیمز کے انتظامات کے لئے ڈیلی الاؤنس اینڈ کیش ایوارڈ، ٹیبولیشن اینڈ ایویلیوایشن، اکوموڈیشن اینڈ کوآرڈینیشن، سوشل میڈیا، پارکنگ اینڈ سکیورٹی، پرائز ڈسٹری بیوشن، وینیوز اینڈ پریپریشن، یونیفارم اینڈ سپورٹس اینڈ گیمز ڈسٹری بیوشن، میڈیکل، ٹرانسپورٹیشن، ڈاکومنٹس سکروٹنی، اکاموڈیشن اور ریفریشمنٹ اینڈ فوڈ، فوڈ سٹال، میڈیا مینجمنٹ، جیوری اینڈ اپیل، مارچ پاسٹ، اوپننگ اینڈ کلوزنگ سرمنی کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک چائنیہ فرینڈ شپ گیمز 24 سے 28 ستمبر تک نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس لاہور میں منعقد ہوں گی، جن میں پنجاب کے تمام ڈویژنز سے تقریباً 2000 ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں، پاک چائنیہ گیمز میں 11 گیمز کے مقابلے ہوں گے جن میں ٹیبل ٹینس، ووشو، تائی چی، جمناسٹک، ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، فٹ بال، ٹینس، والی بال اور ویٹ لفٹنگ شامل ہیں۔ وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک، سیکرٹری سپورٹس پنجاب فیصل الرحمٰن اور ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔

☆ بقیہ صباح 1 ☆

لوگوں کو دیے گئے؟، کیا صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کر سکتی؟، خیبرپختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کے لئے ہیں، احتجاجوں کے لئے نہیں، ترقی ان کا مینڈیٹ نہیں، ان کا مینڈیٹ صرف قیدی کو رہا کرنا ہے، بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، نہیں معلوم فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پرامن نہیں رہ سکتی، ایک دھرنے سے تاجروں کو 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، سیاستدانوں کو اپنے رویوں میں نرمی لانا ہوگی، اختلاف عزت کے ساتھ کرنا ہوگا۔ منگل کو یہاں پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوہاٹ سے خیبرپختونخوا کے دورے کا آغاز کیا، خیبرپختونخوا غیور عوام کی دھرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوہاٹ واقعہ کے زخمیوں اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات ہوئی، ان کے حوصلے بلند دیکھے۔ وفاقی وزیراطلاعات نے کہا کہ شہید پولیس کانسٹیبل نعیم اللہ کے والد نے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر کا اظہار کیا، پشاور پریس کلب کی دنیا میں منفرد حیثیت ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پشاور کے صحافیوں نے دہشت گردی کی جنگ میں بڑی قربانیاں دی ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کا ڈیٹا بیس تیار کیا جائے، شہید اور دوران سروس وفات پانے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہداء کے لواحقین پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پشاور کلب کی قومی بیانیہ کے حوالے سے متوازن پالیسی ہے، ہیلتھ انشورنس کا بھی پشاور کے صحافیوں کے لئے اجراء ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 9 مئی کو ریڈیو پاکستان پشاور کی نذر آتش کی جانے والی عمارت وزیراعظم کی ہدایت پر مکمل طور پر بحال کردی گئی ہے، ریڈیو پاکستان کے دروازے صحافیوں کے لئے کھلے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پشاور کے صحافی ریڈیو پاکستان کے اسٹوڈیوز کے ذریعے پوڈ کاسٹ اور وی لاگ ریکارڈ کر سکتے ہیں، پوڈ کاسٹ اسٹوڈیوز سمیت دیگر اسٹوڈیوز یہاں کے صحافیوں کے لئے دستیاب ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ عبداللہ جان مرحوم نے ریڈیو پاکستان پشاور سے پاکستان بننے کا اعلان پشتو زبان میں کیا تھا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ریڈیو پاکستان کا معلومات کی فراہمی میں اہم کردار ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ صحافیوں سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں تعمیر و ترقی پر توجہ کی ضرورت ہے، خیبرپختونخوا میں ساڑھے 12 سال سے ایک حکومت موجود ہے لیکن یہاں ترقی کا فقدان ہے، اس پر توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم صاحب سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، امیر جماعت اسلامی نے لانگ مارچ کو موخر پر مشاورت کرنے کا کہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پورے پاکستان میں موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو رعایتی نرخوں پر پٹرول فراہم کیا جا رہا ہے، پورے پاکستان میں اربوں روپے کا ریلیف دیا جا رہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، یہ نہیں معلوم کہ فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، خیبرپختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کے لئے ہیں، احتجاجوں کے لئے نہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پرامن نہیں رہ سکتی۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کی مد میں این ایف سی ایوارڈ میں ہر سال خیبرپختونخوا حکومت کو حصہ دیا جاتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ این ایف سی کے آغاز کے بعد سے اب تک 16 سال ہو چکے ہیں، کوئی بتا سکتا ہے کہ اربوں روپے کی رقم امن و امان کیلئے کہاں خرچ کی گئی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ٹمبر، ٹوبیکو، مائنز اینڈ منرلز اور گرانڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیئے گئے؟، کیا صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کر سکتی؟۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ وسائل کا نہیں نیت کا ہے، یہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال کو اپ گریڈ کر سکتے ہیں۔ وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں ہسپتالوں میں سہولیات نہیں ہیں، جس دن ان کی نیت ٹھیک ہوگی، کام ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی ان کا مینڈیٹ نہیں، ان کا مینڈیٹ صرف قیدی کو رہا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے پاس اپنی شاہ خرچیوں کے لئے فنڈز ہیں لیکن یہاں امن و امان، تعلیم اور صحت کے شعبوں کے لئے فنڈز نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں کہ شہریوں کی آمدورفت میں کوئی خلل نہیں ڈالا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایک دھرنے سے تاجروں کو 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، سیاستدانوں کو اپنے رویوں میں نرمی لانا ہوگی، اختلاف عزت کے ساتھ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے نوجوانوں کی غلط ذہن سازی کی، سیاست میں تعمیری تنقید ہونی چاہیے، ملک میں خواتین کی عزت بنانے کی روایت ڈالی گئی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایک بچی کو جھوٹے کیس بنا کر اس کے والد کے سامنے گرفتار کیا گیا۔

☆ بقیہ صباح 2 ☆

6 دہشتگردوں کو ہلاک اور 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران دہشتگردوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران 9 مشتبہ افراد کو بھی حراست میں لیا گیا، جبکہ ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

☆ بقیہ صباح 3 ☆

داخلہ نے غیر قانونی افغان شہریوں کے خلاف کارروائیاں تیز کردی گئی ہیں، جہاں بڑھتی ہوئی سیکیورٹی اور معاشی مشکلات کے پیش نظر ان کی موجودگی کو قومی سلامتی کے لیے ایک بڑا چیلنج قرار دیا جا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین (یو این ایچ سی آر) کی حالیہ رپورٹ کے مطابق رواں سال ایران سے اب تک 4 لاکھ 39 ہزار سے زائد غیر قانونی افغان باشندوں کو ملک بدر کیا جا چکا ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ بے دخل کیے جانے والوں میں 86 فیصد افراد مکمل طور پر غیر رجسٹرڈ اور قانونی سفری یا رہائشی دستاویزات سے محروم تھے۔ رپورٹ کے مطابق روزگار کی تلاش میں غیر قانونی اور دشوار گزار راستوں کے ذریعے سرحد پار کرنے کی کوشش کے دوران سینکڑوں افغان نوجوان جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ دوسری جانب اتنی بڑی تعداد میں غیر قانونی شہریوں کی اچانک واپسی نے افغانستان کے اندر رہائش، روزگار اور صحت و تعلیم کی بنیادی سہولیات پر شدید دباؤ ڈال دیا ہے۔ معاشی اور دفاعی امور کے تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ طالبان حکومت کی سخت گیر پالیسیوں اور بین الاقوامی اصولوں کی عدم پاسداری نے افغانستان کو عالمی سطح پر تنہا کر دیا ہے، جس کا براہ راست بوجھ عام شہریوں پر پڑ رہا ہے۔ ایران کی جانب سے تیز ملک بدری اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ خطے کے ممالک اب غیر قانونی نقل و حرکت اور ممکنہ سکیورٹی خدشات کو مزید نظر انداز کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

☆ بقیہ صباح 4 ☆

خیالات کا اظہار منگل کو یہاں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر فلسطین سے متعلق او آئی سی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے او آئی سی کے نئے سیکرٹری جنرل کے لیے اتفاق رائے سے انتخاب پر اسماعیل شیخ محمد کو مبارکباد دی۔ انہوں نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے غزہ اور مغربی کنارے کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور غزہ تنازعہ کے خاتمے کے جامع منصوبے پر عملدرآمد کو آگے بڑھانے کے لیے امریکا، مصر، قطر اور ترکیہ کی ثالثی کی کوششوں کو سراہا، جس کی توثیق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 2803 کے ذریعے کی گئی ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ نے مسجد اقصیٰ الحرم الشریف میں اسرائیل کی جانب سے جاری خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے مقبوضہ بیت المقدس کے مشرقی حصے سمیت مغربی کنارے میں غیر قانونی آبادکاری کی سرگرمیوں، آبادکاروں کے تشدد اور الحاق پر مبنی اقدامات پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور او آئی سی کی جانب سے نئی اور مربوط سفارتی کارروائی پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ نے غزہ امن منصوبے اور سلامتی کونسل کی قرارداد 2803 پر مکمل اور خلوص کے ساتھ عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ غزہ کی تعمیرنو اور حکمرانی کے انتظامات فلسطینی قیادت میں ہونے چاہئیں، جن میں فلسطینی اتھارٹی کا مرکزی کردار ہو، اور بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزیوں پر احتساب کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے 1967 سے قبل کی سرحدوں کی بنیاد پر ایک آزاد، خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام، جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، اور فلسطین کی اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا۔

☆ بقیہ صباح 5 ☆

ہے۔ پی ٹی آئی کے رکن صوبائی اسمبلی فضل الٰہی اور رکن قومی اسمبلی اقبال آفریدی کی جانب سے دیے گئے بیانات میں وفاق پر سیاسی دباؤ بڑھانے کے لیے توانائی کے وسائل کو استعمال کرنے کی بات کی گئی ہے، جس پر مختلف حلقوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے ایم پی اے فضل الٰہی اور ایم این اے اقبال آفریدی نے ایک ویڈیو بیان میں 27 ستمبر کو تربیلا اور ورسک ڈیم سے بجلی کی فراہمی روکنے کی دھمکی دی۔ دونوں رہنماؤں کے بیانات کے بعد اس اقدام کے ممکنہ اثرات اور سیاسی و انتظامی مضمرات پر سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ فضل الٰہی نے اپنے بیان میں کہا کہ ان کے پاس موجود مختلف آپشنز میں ڈیموں سے بجلی کی فراہمی روکنا بھی شامل ہے اور اگر کارکن اس حکمت عملی پر عمل کریں جبکہ صوبائی حکومت تعاون کرے تو سیاسی دباؤ بڑھایا جاسکتا ہے۔ رکن قومی اسمبلی اقبال آفریدی نے بھی فضل الٰہی کے بیان کی تائید کرتے ہوئے اسے عملی جامہ پہنانے کا عندیہ دیا۔ دونوں ارکان اسمبلی کے بیانات کے بعد یہ سوال بھی سامنے آیا ہے کہ وفاقی تنصیبات اور توانائی کے وسائل کو سیاسی مطالبات کے لیے دباؤ کے طور پر استعمال کرنے کی صورت میں صوبائی اور وفاقی حکومتوں کا ممکنہ ردعمل کیا ہوگا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق ان بیانات کو سنگین معاملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی سطح کی توانائی تنصیبات کو سیاسی احتجاج سے جوڑنے سے نہ صرف وفاق اور صوبے کے درمیان کشیدگی بڑھ سکتی ہے بلکہ بجلی کی فراہمی اور شہریوں کی معمول کی زندگی بھی متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو سکتا ہے۔ تجزیہ کاروں کی جانب سے یہ رائے بھی سامنے آئی ہے کہ اگر وفاقی تنصیبات یا توانائی کی فراہمی میں رکاوٹ ڈالنے کی عملی کوشش کی گئی تو حکومت کے سامنے سخت انتظامی اقدامات کا سوال پیدا ہو سکتا ہے۔ تاہم گورنر راج کے نفاذ سے متعلق کوئی حتمی حکومتی فیصلہ اس حوالے سے سامنے نہیں آیا۔ دوسری جانب، ان بیانات کے تناظر میں توانائی کے قومی نظام، بین الصوبائی وسائل اور سیاسی احتجاج کے دائرہ کار سے متعلق بھی بحث شروع ہوگئی ہے۔ تربیلا اور ورسک ڈیم ملک کے بجلی کے نظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان سے بجلی کی فراہمی متاثر ہونے کی صورت میں اس کے اثرات صرف ایک سیاسی جماعت یا صوبے تک محدود نہیں رہیں گے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق موجودہ صورتحال میں اصل توجہ اس بات پر مرکوز ہے کہ احتجاجی سرگرمیوں اور سیاسی مطالبات کے اظہار کے دوران قومی تنصیبات اور عوامی سہولیات کو متاثر ہونے سے کیسے محفوظ رکھا جائے، جبکہ وفاق اور صوبے کے درمیان سیاسی اختلافات کو آئینی و سیاسی ذرائع سے حل کرنے کے امکانات برقرار رکھے جائیں۔

☆ بقیہ صباح 6 ☆

حکومت جس قدر ممکن ہو عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بناتی رہے گی۔ امیر جماعت اسلامی نے وزیراعظم کی تجویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی دھرنا موثر کرنے پر غور کر رہی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے وزیراعظم کے دورے کے بعد ملاقات کرنے اور اس امر پر مزید مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اسی اثناء جماعت اسلامی نے لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک موخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہم سے مارچ موخر کرنے کی درخواست کی، وزیراعظم نے ہمیں ملاقات کی دعوت دی، ان سے ملاقات ضرور کریں گے، وہ جب پاکستان آئیں گے تو ان سے بات کریں گے، حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کہا ہے کہ وطن واپس آ کر جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر عوام کو ریلیف دوں گا، طویل مشاورت کی، مشاورت کے بعد طے کیا ہے کہ احتجاج سے دستبردار نہیں ہوں گے، ہم لانگ مارچ سے بھی دستبردار نہیں ہوں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ صورتحال خراب ہے تو اس کی ذمے دار حکومت ہے، دھرنے جاری رہیں گے، وزیراعظم وطن آئیں تو ہم ان سے بات کریں گے، اگر وہ ریلیف دیں گے تو ٹھیک ورنہ پھر ہم اکتوبر میں لانگ مارچ کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ عوام مہنگائی کی آگ میں جل رہے ہیں، ہماری شٹر ڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے حکومت پر دباؤ پڑا، حکومت کو پیٹرول کی قیمتیں کم کرنے کے لیے مختلف تجاویز دیں، حکومت نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے پروگرام میں ہیں لیوی کم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مارچ سے پہلے وزرا سے ملاقاتوں کے 3 سے 4 دور ہوئے، حکومت کی جانب سے دیا گیا ریلیف ناکافی ہے، آپ پیٹرول پر لیوی ختم نہیں کر سکتے تو ہم اپنا احتجاج کیسے ختم کر سکتے ہیں؟ ہمارا ذاتی ایجنڈا نہیں، پیٹرول کی قیمت بڑھنے سے ہر چیز کی قیمت بڑھ رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ کراچی میں لوگ بچوں سمیت خودکشی کر رہے ہیں، لوگوں سے 6 گنا لیوی وصول کی جا رہی ہے، حکومت کہتی ہے کہ ہم پر آئی ایم ایف کا دباؤ ہے، وزیراعظم سے مذاکرات کریں گے، ہم عوام کے ریلیف کی بات کر رہے ہیں، کچھ بھی ہو ہم اپنی تحریک جاری رکھیں گے، دھرنے جاری رہیں گے، جماعت اسلامی جب کوئی فیصلہ کرتی ہے تو پورا کرتی ہے، ہمارا ملتان میں پڑاؤ رہے گا۔

☆ بقیہ صباح 7 ☆

کرتے ہوئے شہدا کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ کانسٹیبل محمد یاسر اور کانسٹیبل عبدالرؤف نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کر کے شہادت کا عظیم رتبہ پایا، قوم ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ملک کے معصوم بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والے پولیو ورکرز پر حملہ درندہ صفت عناصر کا انتہائی گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے۔ وزیر داخلہ نے عزم ظاہر کیا کہ پولیو ٹیموں اور محافظوں پر حملہ کرنے والے ایسے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور انہیں جلد کیفرکردار تک پہنچایا جائے گا۔

☆ بقیہ صباح 8 ☆

اضافی رقوم کی فراہمی کیلئے نئے قواعد نافذ کیے گئے ہیں۔ 31 مئی کی مقررہ ڈیڈ لائن میں نرمی صرف غیر معمولی حالات میں کی جائے گی، جبکہ جون میں ٹاکر ادائیگیوں اور تنخواہوں کے معاملات میں رعایت دی جائے گی۔ نئی ہدایات کے تحت جاری نہ کیے گئے بجٹ سے فنڈز کی دوبارہ تخصیص پر پابندی ہوگی، تاہم مجاز افسران اپنے تفویض کردہ مالی اختیارات کے اندر رہتے ہوئے فنڈز کی دوبارہ تخصیص کرسکیں گے۔ ملازمین سے متعلق اخراجات میں کمی کی صورت میں نان ایمپلائز اخراجات سے فنڈز منتقل کرنے کی بھی اجازت ہوگی۔ وزارت خزانہ نے ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2026 کی ادائیگی کیلئے اضافی فنڈز فراہم کردیئے ہیں، تاہم اس مقصد کیلئے مختص فنڈز کی دوبارہ تخصیص صرف اسی مد میں کی جاسکے گی اور یہ سہ ماہی اجرا کی مقررہ حدود میں رہے گی۔ ہدایات کے مطابق ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹس کی درخواستیں صرف پرنسپل اکاؤنٹنگ افسر جمع کرا سکیں گے، جبکہ ایسی گرانٹس کیلئے مساوی رقم سرنڈر کرنے کی تصدیق لازمی ہوگی۔ وزارت خزانہ نے سپلیمنٹری گرانٹس کے ذریعے پارلیمنٹ سے منظور شدہ سطح سے زائد اخراجات کی حوصلہ شکنی کا فیصلہ کیا ہے۔ شدید قدرتی آفات کے علاوہ اضافی غیر بجٹ اخراجات کیلئے سپلیمنٹری گرانٹ کی درخواست زیر غور نہیں لائی جائے گی۔ پی ایس ڈی پی سے متعلق ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹس کے معاملات وزارت منصوبہ بندی کے ذریعے نمٹائے جائیں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق نئی مالی ہدایات رواں مالی سال اور آئندہ مالی سالوں کیلئے نافذ کردی گئی ہیں۔

☆ بقیہ صباح 9 ☆

شرمندہ ہونا چاہیے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں خواجہ آصف نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ وفاق پر چڑھائی کے لیے سرکاری ملازمین، مشینری، سرکاری جہاز اور ملکی خزانہ استعمال کرنا تو "عین حلال اور جائز" سمجھا جاتا ہے، لیکن وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے سرکاری جہاز کا باقاعدہ کرایہ ادا کرکے اسے استعمال کرنا ناقدین کی نظر میں ناجائز بن جاتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ان دونوں صورتوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے، مگر بدقسمتی سے تنقید کرنے والوں کی آنکھیں اور کان بند ہو چکے ہیں۔ وزیر دفاع نے دوہرے معیار اور اخلاقی گراوٹ پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک فریق دارالحکومت پر حملہ آور ہونے کے لیے پورے صوبے کے وسائل بے دریغ جھونک رہا ہے، جبکہ دوسری طرف قانون کے مطابق جہاز کے استعمال کا باقاعدہ کرایہ ادا کیا گیا ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ ہمارے اخلاقی معیار اب گٹر میں گر چکے ہیں، جہاں سیاسی مخالفت میں اصولوں کو بالکل ہی پس پشت ڈال دیا جاتا ہے۔

☆ بقیہ صباح 10 ☆

انہوں نے اس معاملے پر پاکستانی حکام سے رابطہ کیا ہے۔ اسٹیفن دوجارک نے جون میں امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والے اسلام آباد مفاہمتی معاہدے میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے اسے ایک اہم کامیابی قرار دیا۔ اقوام متحدہ کے مطابق پاکستان سمیت دیگر ملاقاتی ممالک نے اس وقت مذاکراتی عمل میں کردار ادا کیا تھا۔ اقوام متحدہ کے ترجمان نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے فریقین پر زور دیا کہ تنازع کے حل کیلئے سفارت کاری اور بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے۔ اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کر چکا ہے۔ عالمی ادارے کے مطابق موجودہ بحران کا پائیدار حل بامعنی مذاکرات اور سفارتی کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

☆ بقیہ صباح 11 ☆

ہے جو 25 ستمبر کو سنائے جانے کا امکان ہے تاہم مرکزی ملزمہ علیمہ خانم کے وکیل نے فیصلہ محفوظ کیے جانے پر اعتراض اٹھایا۔ ملزمہ کے وکیل نے علیمہ خانم کو عدالت میں پیش کرنے کے لیے پروڈکشن آرڈر جاری کرنے کی درخواست عدالت میں دائر کردی جس میں علیمہ خانم کی عدم حاضری کے باوجود متوقع فیصلے کو یکطرفہ قرار دیا گیا تاہم درخواست پر فریقین کے وکلا کے دلائل کے بعد عدالت نے درخواست خارج کردی۔ گزشتہ روز سماعت کے موقع پر سینئر پراسیکیوٹر ظہیر شاہ اور محمد یوسف عدالت میں موجود تھے لیکن علیمہ خانم کے وکیل فیصل ملک عدالت میں پیش نہیں ہوئے جبکہ دیگر ملزمان کے وکلاء چوہدری امین، راحیلہ بٹ اور حق نواز منہاس عدالت میں موجود تھے۔ سماعت کے آغاز پر علیمہ خانم اور ان کے وکیل کے پیش نہ ہونے پر عدالت کی جانب سے 2 مرتبہ کیس کال کیا گیا جس کے بعد سماعت کے دوران سینئر پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے حتمی دلائل میں موقف اختیار کیا کہ مقدمے میں بنیادی طور پر علیمہ خانم پر 26 نومبر کے پرتشدد احتجاج کی منصوبہ بندی کا الزام ہے۔ علیمہ خانم نے 22 نومبر 2024 کو اڈیالہ جیل میں سابق چیئرمین سے ملاقات میں 26 نومبر احتجاج کی مجرمانہ سازش کی۔ علیمہ خانم نے 22 نومبر کو سابق چیئرمین سے ملاقات کے بعد میڈیا ٹاک کے ذریعے عوام کو پرتشدد احتجاج پر اکسایا، اس طرح ملزمہ نے 21 نومبر 2024 کے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی بھی خلاف ورزی کی۔ پراسیکیوشن کا موقف تھا کہ ملزمہ نے پارٹی کو اکسا کر حکومت کو دباؤ میں لانے اور دھمکانے کی کوشش کی جبکہ حکومت کو پرتشدد کارروائیوں کے ذریعے دباؤ میں لانا سنگین جرم اور دہشت گردی کے زمرے میں آتا ہے۔ پراسیکیوشن نے علیمہ خانم کی ویڈیوز، بیانات اور میٹنگز سے متعلق مواد عدالت میں پیش کیا جبکہ پراسیکیوشن نے علیمہ خانم کی ویڈیوز اور بیانات کا فرانزک تجزیہ کرایا۔ دوران سماعت پراسیکیوشن نے جیل میں احتجاج کی منصوبہ بندی کا سارا ریکارڈ بھی عدالت میں پیش کیا۔ پراسیکیوشن نے عدالت کو بتایا کہ علیمہ خانم کی ہدایات پر پرتشدد مظاہروں میں نہ صرف ایک پولیس اہلکار کی جان گئی بلکہ پرتشدد مظاہروں کے ذریعے سرکاری و نجی املاک اور گاڑیوں کو جلایا گیا۔ اس طرح سیاسی مقاصد کی خاطر عوام کو دہشت گردی پر اکسایا گیا۔ پراسیکیوشن کا موقف تھا کہ 12 ملزمان کے اقبالی جرم سے دفعہ کا ارتکاب ثابت ہوچکا ہے جبکہ جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم نے بھی علیمہ خانم کو قصوروار ٹھہرایا ہے۔

☆ بقیہ صباح 12 ☆

جیاکون نے معمول کی پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق حملے کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں گو جیاکون نے کہا کہ چین اس حملے کی شدید مذمت کرتا ہے، ہم قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس اور زخمیوں اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی انسانیت کی مشترکہ دشمن ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ تمام ممالک کے مشترکہ مفاد میں ہے۔ گو جیاکون نے کہا کہ چین پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں کی مستقل اور پرعزم حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے تمام ممالک پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے خطرے سے نمٹنے اور عالمی سلامتی و استحکام کے تحفظ کے لیے مل کر کام کریں۔

☆ بقیہ صباح 13 ☆

ریکارڈ کیا گیا ہے اور اگست میں سرمایہ کاری 31 ملین ڈالر تک پہنچ گئی۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق اگست میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری سال کی بلند ترین ماہانہ سطح پر پہنچ گئی، جس میں چین، کینیڈا اور متحدہ عرب امارات نے اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ منافع کی واپسی میں کمی کی بھی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں بہتری کی ایک وجہ ہے۔ ان کے مطابق ملک میں سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں میں مثبت پیش رفت جاری ہے۔ اقتصادی ماہرین کے مطابق براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ملک میں سرمایہ کاری کے رجحان اور معاشی سرگرمیوں میں بہتری کی عکاسی کرتا ہے۔

☆ بقیہ صباح 14 ☆

معاونت حاصل ہوئی تھی، جبکہ رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران حاصل ہونے والا قرض 476 ارب روپے کے مساوی ہے۔ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ قرض 39 ارب روپے کے مساوی تھی۔ دستاویز کے مطابق زیر جائزہ مدت کے دوران مختلف منصوبوں کے لیے 48 کروڑ 45 لاکھ ڈالر جبکہ غیر منصوبہ جاتی میں ایک ارب 21 کروڑ ڈالر حاصل ہوئے۔ عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے پاکستان کو 59 کروڑ ڈالر سے زائد قرض فراہم کیا گیا۔ اسلامی ترقیاتی بینک نے 19 کروڑ 12 لاکھ ڈالر جبکہ عالمی بینک نے 23 کروڑ 48 لاکھ ڈالر فراہم کیے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک سے بھی بیرونی مالی معاونت حاصل ہوئی۔ اقتصادی امور ڈویژن کے مطابق مختلف ممالک سے دو طرفہ ذرائع سے مجموعی طور پر 3 کروڑ 25 لاکھ ڈالر فراہم کیے گئے، جن میں جرمنی نے ایک کروڑ 28 لاکھ ڈالر اور سعودی عرب نے 89 لاکھ ڈالر شامل ہیں۔ رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں چین کی جانب سے پاکستان کو کوئی مالی معاونت نہیں دی گئی۔ دستاویز کے مطابق نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کی مد میں 62 کروڑ 97 لاکھ ڈالر جبکہ غیر ملکی کمرشل بینکوں سے 30 کروڑ ڈالر قرض حاصل کیا گیا۔

☆ بقیہ صباح 15 ☆

منظوری دے دی۔ کابینہ کمیٹی برائے تنقیح قانون سازی امور کا اجلاس منگل کو یہاں کابینہ ڈویژن میں وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں مختلف قانونی و انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ وزارتوں، محکموں اور ڈویژنز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ کمیٹی نے پاکستان آئل ریفائننگ، بلینڈنگ، ٹرانسپورٹیشن، اسٹوریج اینڈ مارکیٹنگ رولز 2016 میں ترمیم کی منظوری دے دی۔ کمیٹی نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس 2002 کے سیکشن 30 میں ترمیم کی منظوری دی، جس کے تحت اوگرا میں ممبر قانون کی آسامی شامل کرنے کی تجویز منظور کی گئی۔ کمیٹی نے وفاقی پبلک سروس کمیشن آرڈیننس 1977 میں ترمیم کی بھی منظوری دے دی۔ کمیٹی نے پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری دینے والا ادارہ بنانے کی تجویز منظور کرلی، جس کے تحت پاکستان میرین اکیڈمی کو پاکستان میرین انسٹی ٹیوٹ، کراچی کے نام سے اپ گریڈ کیا جائے گا۔ کمیٹی نے انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرز آرڈیننس 1979 منسوخ کرنے کے مسودہ قانون کی منظوری دے دی۔ کمیٹی نے وفاقی فنڈ کمیشن کی ازسرنو تشکیل، تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق مسودہ قانون 2026 کی بھی منظوری دے دی۔ اجلاس میں پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) سے متعلق قواعد میں ترامیم کا مسودہ بھی پیش کیا گیا۔ کمیٹی نے اس معاملے پر آئندہ اجلاس میں غور کرنے کا فیصلہ کیا۔

☆ بقیہ صباح 16 ☆

27 ستمبر کے احتجاج کے حوالے سے محمود خان نے کہا کہ پارٹی رہنماؤں کو سمجھنا چاہیے کہ احتجاجی مظاہروں کے ذریعے عمران خان کی رہائی ممکن نہیں، اگر وہ لوگوں کو اکٹھا کرکے حالات خراب کریں گے تو اس کا نقصان بھی تحریک انصاف ہی کو ہوگا۔ محمود خان نے بتایا کہ اکتوبر 2025 میں جب عمران خان نے علی امین گنڈاپور کو ہٹا کر سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ بنایا تو انہیں 3 نام پیش کیے گئے تھے۔ ان میں سے 2 ناموں سے عمران خان ذاتی طور پر واقف تھے اس لئے انہوں نے انہیں پہلی فہرست سے مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سہیل آفریدی کو نہیں جانتے تھے تاہم انہیں توقع تھی کہ یہ نوجوان کچھ کر دکھائے گا، اس لئے انہوں نے سہیل آفریدی کے نام کا قرعہ نکالا۔ محمود خان نے کہا کہ سہیل آفریدی کو حکومتی امور چلانے کا کوئی تجربہ نہیں، ان پر بہت زیادہ دباؤ تھا جس وجہ سے انہیں کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ محمود خان کا کہنا تھا کہ انہوں نے سنا ہے کہ سہیل آفریدی کے بھائی اور ان کے دست راست نے بھی وزیراعلیٰ ہاؤس کو کمائی کا ذریعہ بنا لیا ہوا ہے۔ انہوں نے علی امین گنڈاپور پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے 19 ماہ کے اقتدار کے دوران کچھ ڈیلیور نہیں کیا۔ علی امین گنڈاپور کو وزیراعلیٰ بنانے کا بنیادی مقصد عمران خان کی رہائی تھا لیکن وہ بیک وقت دونوں طرف کھیل رہے تھے، جب عمران خان کو معلوم ہوا کہ علی امین گنڈاپور ان کیلئے نہیں بلکہ دوسرے فریق کیلئے کام کر رہے ہیں تو انہیں عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ محمود خان نے بتایا کہ عمران خان کے اقتدار کے آخری دور میں ایک ان کیمرہ اجلاس ہوا تھا، جس میں تمام وزرائے اعلیٰ اور شہباز شریف بھی بطور اپوزیشن لیڈر موجود تھے، اجلاس میں یہ بات کی گئی تھی کہ افغانستان میں موجود تحریک طالبان پاکستان سے وابستہ افراد کو واپس لایا جائے۔ محمود خان نے کہا کہ یہ فیصلہ صرف عمران خان کا نہیں تھا، بلکہ اس وقت کی تمام قیادت نے مل کر یہ فیصلہ کیا تھا۔ بعد میں افغانستان سے پاکستان آنے والے بہت سے افراد واپس چلے گئے۔ انہوں نے کہا کہ 2023 میں شاہ محمود قریشی نے عمران خان کے کان میں یہ بات ڈالی تھی کہ خیبرپختونخوا اسمبلی تحلیل کر دی جائے۔ خیبرپختونخوا کی قیادت نے اس فیصلے کی مخالفت کی تھی، تاہم بعد میں فواد چوہدری اور پنجاب کی دیگر قیادت نے بھی عمران خان کو اسمبلی تحلیل کرنے پر آمادہ کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے تھے کہ اگر اسمبلیاں تحلیل کرنا ضروری ہیں تو پہلے پنجاب اسمبلی تحلیل کی جائے، وہاں انتخابات کے نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے بعد میں خیبرپختونخوا اسمبلی تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا جاتا، لیکن ہماری ایک نہ سنی گئی۔ محمود خان نے کہا کہ 16 جولائی 2023 کو عمران خان کے ساتھ آخری رابطہ ہوا تھا، عمران خان نے انہیں پارٹی نہ چھوڑنے کا کہا، تاہم کچھ مجبوریاں ایسی تھیں جن کی وجہ سے تحریک انصاف چھوڑنا پڑی، اگر پارٹی نہ چھوڑتا تو عمران خان اور مجھے دونوں کو نقصان پہنچتا۔

☆ بقیہ صباح 17 ☆

خارجہ کی ملاقات نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ہوئی۔ پاکستان اور مصر کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستان اور مصر نے تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا، تعلیم، ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر رابطوں کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کا علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں وزرائے خارجہ نے مشرق وسطیٰ اور ایران کی صورتحال پر بھی گفتگو کی، علاقائی چیلنجز کے حل کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تمام فریق اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، مینجمنٹ فریم ورک کے تحت مشاورت جاری رکھنے کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستان اور مصر نے باہمی دلچسپی کے امور پر رابطہ اور تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے بین الاقوامی تعاون اور کثیر الجہتی نظام کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔

☆ بقیہ صباح 18 ☆

وسائل اور مالیاتی گنجائش کو بھی بروئے کار لانا ضروری ہے۔ انہوں نے یہ بات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر نیویارک میں منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس میں شرکت کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خزانہ نے پاکستان کو درپیش موسمیاتی خطرات، قدرتی آفات سے نمٹنے کی ترجیحات، ڈیجیٹل تبدیلی و لوکلائزیشن کے مواقع اور موسمیاتی وعدوں کو عملی اور قابل سرمایہ کاری اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور اس حوالے سے پاکستان کے موقف کو اجاگر کیا۔ عالمی اقتصادی فورم کے گلوبل چیلنج اینڈ ایسوسی ایٹ اجلاس میں وزیر خزانہ نے موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والی قدرتی آفات بالخصوص سیلابوں کے باعث بنیادی ڈھانچے اور عوام کو درپیش شدید خطرات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام، ابتدائی انتباہی نظام اور لاگت میں موسمیاتی سرمایہ کاری منصوبوں کو مضبوط بنانے کے لیے حکومت کی کوششوں سے آگاہ کیا اور اس امر پر زور دیا کہ بیرونی معاونت کے ساتھ ملکی وسائل اور مالیاتی گنجائش کو بھی بروئے کار لانا ضروری ہے۔ وزیر خزانہ نے امداد، موسمیاتی موافقت اور تعمیر نو کے لیے عالمی بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹس کے ذریعے مالی وسائل متحرک کرنے کا حوالہ دیا تاہم انہوں نے گرین کلائمیٹ فنڈ اور لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ سمیت بین الاقوامی موسمیاتی فنڈز سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے طریقہ کار کو آسان بنائیں اور مالی معاونت تک رسائی کو تیز کریں۔ ملاقاتوں میں معاشی مواقع کو وسعت دینے اور مالیاتی شمولیت کو مضبوط بنانے میں ڈیجیٹل جدت کے کردار پر بھی توجہ مرکوز رہی۔ اقوام متحدہ ڈیجیٹل تعاون ڈے 2026 کے ایک پینل اور لوکلائزیشن مستقبل: نیکسٹ جنریشن ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کے لیے خودمختار انتخاب اور حفاظتی اقدامات کے افتتاحی خطاب میں سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان میں ریگولیٹری اور ڈیجیٹل مارکیٹس کی جانب ہونے والی پیش رفت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ ڈیجیٹائزیشن کو حقیقی معاشی ضروریات سے ہم آہنگ ہونا چاہیے جن میں کم لاگت ترسیلات زر، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے مالی معاونت، خودمختار قرض اور وسیع تر مالیاتی رسائی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی شعبے میں جدت کو مضبوط ریاستی حفاظتی اقدامات، جامع ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے فروغ دیا جانا چاہیے جبکہ ابھرتی ہوئی معیشتوں کو عالمی معیارات کی تشکیل میں مکمل طور پر شامل کیا جانا ضروری ہے۔ موسمیاتی اقدامات اور ترقیاتی فنانسنگ پر وسیع تر توجہ کے تسلسل میں سینیٹر محمد اورنگزیب نے کوپ 31 ایکشن ایجنڈے کے اجرا میں بھی شرکت کی جہاں انہوں نے ایجنڈے کے لیے پاکستان کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی قومی موسمیاتی ترجیحات اور قومی سطح پر متعین کردہ شراکت این ڈی سی کی ترجیحات سے بھرپور ہم آہنگی رکھتا ہے۔ انہوں نے پاکستان کو درپیش شدید موسمیاتی خطرات کو اجاگر کرتے ہوئے صاف توانائی اور بجلی کے استعمال میں توسیع، قابل تجدید توانائی کے فروغ، توانائی کے موثر استعمال پر مبنی عمارتوں، موسمیاتی تبدیلیوں سے محفوظ شہروں، موسمیاتی تعلیم و عوامی آگاہی، غذائی تحفظ اور موسمیاتی لحاظ سے مضبوط زراعت کو مشترکہ ترجیحات قرار دیا۔ کلائمیٹ ایکٹیویشن برج کا خیرمقدم کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے اسے این ڈی سی کے وعدوں کو قابل سرمایہ کاری اور قابل مالی معاونت منصوبوں میں تبدیل کرنے کا موثر ذریعہ قرار دیا۔ انہوں نے زور دیا کہ بنیادی چیلنج اب منصوبوں کی تیاری نہیں بلکہ ان پر موثر عملدرآمد ہے۔

☆ بقیہ صباح 19 ☆

نیویارک میں ملاقات ہوئی، اس موقع پر دونوں ملکوں نے معاہدے پر دستخط کئے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ باہمی مفاد میں برادر ملکوں کی شراکت داری بڑھے گی، مقصد اعلیٰ سطح کے روابط اور ادارہ جاتی تبادلوں کو مزید سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویزا شرائط کے خاتمے سے دوطرفہ سرکاری سطح پر آمدورفت آسان ہوگی۔ ملاقات میں اعلیٰ سطح کے رابطوں اور باہمی مفاد کے علاقائی اور دوطرفہ امور پر قریبی تعاون جاری رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس پر حالیہ حملوں کی مذمت کی۔ دونوں رہنماؤں نے اسٹریٹجک مشترکہ دفاعی معاہدے سے متعلقہ امور بارے تبادلہ خیال اور معاہدے کی روح سے تعاون کو مستحکم بنانے، علاقائی امن، استحکام اور سلامتی کو آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔

☆ بقیہ صباح 20 ☆

فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور ریاستی ادارے ملک و قوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتفریق جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

☆ بقیہ صباح 21 ☆

ٹیلی فون، ای میل اور واٹس ایپ پر دستیابی لازمی قرار دے دی گئی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ گھر سے کام کرنے والے ملازمین کو ضرورت پڑنے پر ایک گھنٹے کے نوٹس پر دفتر پہنچنا ہوگا، گھر سے کام کرنے والے 50 فیصد ملازمین ڈائٹ الاؤنس اور اوور ٹائم چارجز کے حقدار نہیں ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کی کٹوتی کی گئی ہے اور یہ اقدام تین ماہ کے لیے ہوگا جب کہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں تمام اقسام کے پائیدار اشیا کی خریداری پر پابندی عائد کی گئی ہے تاہم آئی ٹی سامان خریداری پر پابندی سے مستثنیٰ ہے۔ اعلامیے کے مطابق 3 ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سرکاری سفری اخراجات پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔

☆ بقیہ صباح 22 ☆

سیلڈ آپریشن میں 18 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 46.936 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق برآمد شدہ منشیات میں 37.654 کلوگرام چرس، 2.500 کلوگرام ہیروئن اور 6.762 کلوگرام آئس کے علاوہ نشہ آور گولیاں شامل ہیں۔ اے این ایف نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور بحرین روانہ ہو رہے تھے، جن میں بیشتر افراد عمرہ اور نوکری کے لیے جا رہے تھے۔ ابتدائی تحقیقات میں جعلی نجی عمرہ پیکیجز کے ذریعے منشیات اسمگلنگ کا انکشاف بھی ہوا ہے۔ اے این ایف حکام کے مطابق مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ نامعلوم افراد کے دیے گئے پارسل یا اشیا بیرون ملک لے جانے سے گریز کریں، کیونکہ ایسی سرگرمیاں سنگین قانونی نتائج کا باعث بن سکتی ہیں۔ اے این ایف نے کہا کہ خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے انٹیلی جنس معلومات اور ایئرپورٹس پر مؤثر نگرانی کے ذریعے کارروائیاں جاری ہیں جبکہ متعلقہ اداروں کے تعاون سے انسداد منشیات اقدامات مزید تیز کیے جا رہے ہیں۔

☆ بقیہ صباح 23 ☆

پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ داخلہ بلوچستان سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیموں کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ شہید پولیس اہلکار اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر گئے، ان کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جس پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ واقعے کے محرکات اور اس میں ملوث عناصر کا تعین کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں اور تحقیقات کی روشنی میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انسداد پولیو مہم بچوں کو ایک خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کی قومی کاوش ہے، اس مہم سے وابستہ ٹیموں کی حفاظت انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

☆ بقیہ صباح 24 ☆

قوم کے تحفظ کے ان کے غیر متزلزل عزم کا اعتراف کیا۔ انہوں نے فارمیشن کو ہدایت کی کہ وہ چوکس رہیں اور آپریشنل تیاریوں کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مسلح افواج، قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ، دہشت گردی کو شکست دینے اور ملک بھر میں پائیدار امن و استحکام کو یقینی بنانے کے اپنے عزم پر ثابت قدم ہیں۔ انہوں نے یادگار شہداء پر پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی، اور مادر وطن کے دفاع اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو شاندار خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر، کمانڈر پشاور کور نے فیلڈ مارشل کا استقبال کیا۔

☆ بقیہ صباح 25 ☆

لیکن بدقسمتی سے پوری دنیا نے دیکھا کہ وعدوں اور معاہدوں کی پاسداری نہیں کی گئی۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ لوگوں کو طاقت کے ذریعے سر تسلیم خم کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، غزہ، فلسطین، شام، یمن، ایران اور دیگر مقامات پر جو کچھ ہو رہا ہے وہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے جس کو دنیا بھر کے لوگ مشاہدہ کر رہے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ دشمن ایرانی عوام کو سر تسلیم خم کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش میں حتیٰ الامکان راستے بند کر رہے ہیں، وہ فوجی ذرائع سے اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہے اور اب دیگر ذرائع سے کارروائی کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن زمینی اور فضائی راستے بند کرتے ہیں، اندرونی اختلافات کو ہوا دینے کی کوشش کرتے ہیں، میڈیا اور نسلی گروہوں کو استعمال کرتے ہیں اور ہمیں اندر سے کمزور کرنے اور سر تسلیم خم کرنے پر مجبور کرنے کے لیے ہماری کمزوریوں سے حتی الامکان فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ دشمن مصنوعی ذہانت اور جدید ہتھیاروں کے ذریعے لوگوں کے خلاف کارروائی کرتا ہے، غزہ، فلسطین، شام، ایران میں حملوں کا نشانہ بننے والے طلبہ اور شہری کیا دہشتگرد تھے؟ انہوں نے مزید کہا کہ ایران نے بہت مضبوطی اور طاقت سے اپنے موقف کا دفاع کیا ہے، تاہم ناانصافی اور مظالم کے باوجود ایرانی قوم بے خوف انداز میں مضبوطی سے کھڑی رہی۔ مسعود پزشکیان کا یہ بھی کہنا تھا کہ اپنے وطن کے لیے ایرانی قوم مرتے دم تک اسی طرح مضبوطی سے ڈٹی رہے گی۔

☆ بقیہ صباح 26 ☆

خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کی پائیدار ترقی اور روشن مستقبل کا انحصار معیاری تعلیم، تحقیق، جدت، تخلیقی صلاحیتوں اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ پر ہے، جامعات کو ایسا تعلیمی و تحقیقی نظام فروغ دینا ہوگا جو طلبہ میں تنقیدی و تخلیقی سوچ، تحقیق، مسئلہ حل کرنے اور فیصلہ سازی کی صلاحیتیں پیدا کرے۔ انہوں نے کہا کہ علم ہی کسی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، اس لیے نظام تعلیم کو نوجوانوں کو محض ڈگری کے حصول تک محدود رکھنے کے بجائے علم، تحقیق، تخلیق، شعور اور خود اعتمادی کے ساتھ عملی زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے قابل بنانے، تعلیمی نظام میں مشاہدہ، غور و فکر، تجزیہ، سوال اٹھانے اور مسائل حل کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ نوجوان قومی ترقی میں موثر کردار ادا کرسکیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مادری زبان میں تعلیم بچوں کی فکری نشوونما اور بہتر فہم میں اہم کردار ادا کرتی ہے تاہم عالمی مسابقت کے لیے انگریزی، جدید علوم اور ٹیکنالوجی پر دسترس بھی ضروری ہے۔ حکومت نظام تعلیم اور نصاب کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اصلاحات پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے معیاری تعلیم کے فروغ میں اساتذہ کے کردار کو کلیدی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے باصلاحیت اساتذہ تیار کرنا ہوں گے جو طلبہ میں علم حاصل کرنے کا شوق، تحقیق کا جذبہ، تخلیقی سوچ اور خود اعتمادی پیدا کرسکیں۔ انہوں نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود اور ان کی ٹیم کو کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایسی علمی و تحقیقی سرگرمیاں تعلیمی معیار بہتر بنانے اور تحقیق و عملی تجربات کے درمیان فاصلے کم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ وائس چانسلر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے

☆ بقیہ صباح 27 ☆

فیصلہ تمام صوبوں اور اداروں پر لاگو ہوگا، فیصلے کی توہین کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور اور وزیرآباد کی تقریبوں سے ان کی طاقت کا اندازہ ہوگیا ہوگا، 26 نومبر اور 9 مئی بھی ان کی تاریخ کا حصہ ہیں، 25 مئی 2022 کو بھی مارچ ہوا تھا جس کا معاملہ سپریم کورٹ میں زیرالتواء ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے 25 مئی 2022 کے واقعات سے لاعلمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ انہیں پتہ ہی نہیں چلا اور درختوں کو آگ لگائی گئی، وزیر داخلہ نے پریس کانفرنس میں انہیں ایسا نہ کرنے کی تلقین کی تھی۔ وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ پی ٹی آئی میں ایک مخصوص سوچ ہے کہ کسی سیاسی رہنما کو آگے نہیں آنے دینا۔

☆ بقیہ صباح 28 ☆

ایڈیشن، کولڈ چین اور تجارتی سہولیات کو ایک مربوط ترقیاتی فریم ورک کے تحت قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ماسٹر پلان کے تحت سٹیٹ کو چار بڑے زونز میں تقسیم کیا جائے گا جن میں 130 ایکڑ پر میری کلچر زون، 120 ایکڑ پر ہیچری زون، 120 ایکڑ پر ایکو ریسرچ پارک اور 120 ایکڑ پر کمرشل ڈسٹرکٹ شامل ہوگا۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور نے کہا کہ جدید میری کلچر نظام کی ترقی سے پاکستان کو زیادہ مالیت کی حامل ماہی گیری کی پیداوار بڑھانے، آبی حیاتیات کے بیج کی پیداوار بہتر بنانے، ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کو فروغ دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیچری زون میں جدید آبی بیج کی پیداوار جبکہ ریسرچ پارک میں تحقیق، جدت اور تربیت کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ سٹیٹ میں پروسیسنگ اور کولڈ چین انفراسٹرکچر کے علاوہ تجارتی اور رہائشی سہولیات، پائیدار بنیادی ڈھانچے اور گرین سپیس بھی شامل ہوں گی۔ منصوبے کے بنیادی ڈھانچے میں اندرونی سڑکوں کا نیٹ ورک، بجلی اور قابل تجدید توانائی کی سہولیات، پانی کی فراہمی، واٹر ٹریٹمنٹ، گندے پانی کی صفائی، انفارمیشن و کمیونیکیشن ٹیکنالوجی، سمارٹ سٹیٹ مینجمنٹ، سکیورٹی و نگرانی، گرین بیلٹس اور لینڈ سکیپنگ شامل ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد سرمایہ کاری کو راغب کرنا، برآمدات میں اضافہ، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور ٹیکنالوجی و جدت کو فروغ دینا ہے۔

☆ بقیہ صباح 29 ☆

فراہمی اور عالمی معیشت پر تبادلہ خیال کیا جبکہ ترقی پذیر ممالک پر مشرق وسطیٰ کی صورت حال کے اثرات بھی زیر بحث آئے۔ لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ علاقائی چیلنجز کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہے، تمام فریق علاقائی استحکام کے لیے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔

☆ بقیہ صباح 30 ☆

میں CPLA 372-P/2019 سمیت دیگر مقدمات کے فیصلے میں مسلم نکاح، حق مہر اور نکاح نامہ سے متعلق اہم قانونی اصول وضع کیے۔ بنچ میں جسٹس عرفان سعادت خان، جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس شاہد بلال حسن شامل تھے جبکہ مقدمات کی سماعت 8 جولائی 2026 کو ہوئی۔ عدالت نے قرار دیا کہ نکاح محض عام سول معاہدہ نہیں بلکہ منفرد قانونی ادارہ ہے جو رضامندی سے قائم ہوتا ہے، شریعت کے تحت منظم، قانون میں تسلیم شدہ اور آئین کے تحت محفوظ ہے۔ نکاح کے نتیجے میں حق مہر سمیت بعض بنیادی حقوق و ذمہ داریاں فریقین کی الگ سے شرط کے بغیر ہی قانون کے تحت پیدا ہوتی ہیں۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ حق مہر بیوی کا خصوصی مالی حق ہے، اسے خیرات یا شوہر کی طرف سے احسان قرار نہیں دیا جاسکتا۔ عدالتوں کو حق مہر سے متعلق قوانین کی تشریح اس انداز میں کرنی چاہیے جس سے بیوی کے قانونی حق کا موثر تحفظ یقینی ہو، تاہم فریقین کے ثابت شدہ معاہدے سے تجاوز بھی نہیں کیا جاسکتا۔ عدالت کے مطابق اگر حق مہر کے طور پر غیر منقولہ جائیداد مقرر کی گئی ہو لیکن بعد میں وہ جائیداد بیوی کو منتقل نہ ہوسکے تو اس سے شوہر کی حق مہر ادا کرنے کی ذمہ داری ختم نہیں ہوتی۔ ایسی صورت میں شوہر طے شدہ مالیت ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا، جبکہ مالیت طے نہ ہونے کی صورت میں عدالت حق مہر کی وصولی کے دعوے پر فیصلہ یا ڈگری کے وقت جائیداد کی مارکیٹ ویلیو کا تعین کر سکتی ہے۔

☆ بقیہ صباح 31 ☆

دیرینہ تنازعے کو بھرپور اور مؤثر انداز میں اٹھائیں، اور خاص طور پر بھارت کے غیر قانونی طور پر زیرقبضہ جموں و کشمیر کی موجودہ سنگین صورتحال کو اجاگر کریں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، ڈی ایف پی نے ایک بیان میں زور دیا کہ کشمیر کا مسئلہ محض ایک علاقائی یا دوطرفہ معاملہ نہیں بلکہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قانون سے جڑا ایک حل طلب تنازعہ ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے ساتھ ساتھ مقبوضہ جموں و کشمیر کی موجودہ انسانی حقوق کی سنگین صورتحال بھی بین الاقوامی برادری کے سامنے واضح طور پر پیش کی جانی چاہیے۔ ڈی ایف پی نے مطالبہ کیا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور او آئی سی رابطہ گروپ کو کشمیری سیاسی قیدیوں کی مسلسل نظربندیوں اور طویل حراست، جائیدادوں کی ضبطی اور مسماری، اور ہزاروں کشمیری نوجوانوں کی حراست سے آگاہ کیا جانا چاہیے۔ بیان میں کہا گیا کہ شبیر احمد شاہ، یاسین ملک، مسرت عالم بٹ، آسیہ اندرابی، قاسم فکتو، ڈاکٹر حمید فیاض، نعیم احمد خان، ظفر اکبر بٹ، اور دیگر کشمیری سیاسی رہنما اور کارکن، ہزاروں دیگر افراد کے ساتھ، طویل قید کا سامنا کر رہے ہیں۔ بعض کشمیری قیدی تقریباً تیس سال سے جیلوں میں بند ہیں، جن میں شبیر احمد شاہ کی تقریباً چار دہائیوں پر محیط نظر بندی ایک نمایاں مثال ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ مقبوضہ علاقے میں سیاسی رہنماؤں اور نوجوانوں کی مسلسل گرفتاریوں، گھروں پر چھاپوں، گرفتاریوں، جائیدادوں کی ضبطی اور گھروں کی مسماری کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

☆ بقیہ صباح 32 ☆

اجلاس میں آسان ٹیکس سکیم کے سلسلے میں آگاہی مہم تیز کرنے، ملک بھر میں ٹیکس کمشنرز کو مقامی ٹیکس بارز سے رابطوں کی ہدایت جبکہ دکانداروں کی جانب سے اپنے اعتماد کے وکلاء کے ذریعے فارم بھرنے کی سہولت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں آسان ٹیکس سکیم کی اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تاجر رہنماؤں کی جانب سے ایف بی آر افسران اور تاجر نمائندوں کے بازاروں میں مشترکہ دوروں کے حوالے سے مقامی تاجر نمائندوں کی فہرستیں مل گئی ہیں۔ وزیرمملکت نے کہا کہ تاجر نمائندوں کی مدد سے ہر دکاندار تک آسان ٹیکس سکیم کی معلومات پہنچائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے مطالبے پر عمل کر کے حکومت نے اپنا وعدہ پورا کردیا ہے اور اب دکانداروں نے اپنی ہی تیار کردہ سکیم کو کامیاب بنانا ہے۔ اجلاس میں تاجر نمائندوں اور ایف بی آر افسران نے مل کر اپنے متعلقہ علاقے کے بازاروں میں رجسٹریشن کی حکمت عملی سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں ممبر سٹریٹیجک ٹرانسفارمیشن ڈاکٹر حامد عتیق، ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشنز بیرسٹر بلال اور ایف بی آر کے اعلیٰ حکام کے علاوہ ملک بھر کے چیف کمشنرز اور کمشنرز نے وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ دکانداروں کے پاس آسان ٹیکس سکیم اور پرانے طریقے سے ٹیکس جمع کرانے کے دونوں آپشن موجود ہیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ تاجر نمائندوں سے طے پانے والے نکات کے تحت ایف بی آر کے پاس دونوں آپشن استعمال نہ کرنے والے دکانداروں پر جرمانہ عائد کرنے کا اختیار موجود ہے، آسان ٹیکس سکیم کے تحت دونوں آپشن استعمال نہ کرنے والے دکاندار پر پہلے مہینے میں 10 ہزار، دوسرے میں 25 اور تیسرے مہینے میں 50 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا، دکاندار ٹرن اوور کی بنیاد پر فکسڈ ٹیکس ادا کریں گے یا باقاعدہ گوشوارہ جمع کرائیں گے۔ واضح رہے کہ 15 ستمبر کو وزیرمملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے آسان ٹیکس سکیم میں رجسٹر ہونے والے دکاندار کی دکان پر سبز پلیٹ لگائی تھی، آسان ٹیکس سکیم کا حصہ بننے والے دکاندار کی دکان میں ایف بی آر کا عملہ داخل نہیں ہوسکے گا اور نہ ہی اس کا عموماً کوئی آڈٹ ہوگا۔ اس سکیم کا بنیادی مقصد ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا اور دکانداروں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔

☆ بقیہ صباح 33 ☆

کے باعث کے الیکٹرک کے مالی معاملات دباؤ میں آئے ہیں۔ ٹیرف میں تعطل کے نتیجے میں 35 ارب روپے کے اسلامی بانڈز بھی التوا کا شکار ہیں۔ کے الیکٹرک کو 2024-2030 کے کنٹرول پیریڈ کے لیے تاحال باقاعدہ ٹیرف جاری نہیں ہوسکا۔ نیپرا نے 2025 میں دو سال کی تاخیر کے بعد کے الیکٹرک کے لیے 30 روپے فی یونٹ ٹیرف جاری کیا تھا، تاہم دو ماہ بعد از خود نوٹس لیتے ہوئے اسے معطل کرکے 32 روپے فی یونٹ کا نیا ٹیرف جاری کر دیا گیا۔ کے الیکٹرک نے نظرثانی شدہ ٹیرف کو اپیلٹ ٹریبونل میں چیلنج کر رکھا ہے، جس پر فیصلہ تاحال زیر التوا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیرف میں اچانک اور قانونی تنازع کے باعث کمپنی کے مالی ڈھانچے پر شدید اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ ذرائع نے کہا کہ سرمایہ کی کمی کے باعث کے الیکٹرک کے ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک اور ٹرانسمیشن لائنوں سے متعلق کام بھی متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ کمپنی کی توجہ زیادہ تر ہنگامی نوعیت کے امور پر مرکوز ہے۔ نقد رقم کی کمی کے باعث خریداری اور دیگر اہم آپریشنل سرگرمیاں بھی متاثر ہونے کی اطلاعات ہیں۔

☆ بقیہ صباح 34 ☆

نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران 9 مشتبہ افراد کو بھی حراست میں لیا گیا، جبکہ ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

☆ بقیہ صباح 35 ☆

قسط کے لیے مذاکرات دو ہفتے جاری رہیں گے۔ آئی ایم ایف کے مشن کو جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی جبکہ آئی ایم ایف سے اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی۔ پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر آئی ایم ایف سے مذاکرات کرے گا۔ مذاکرات میں توانائی کے شعبے میں اصلاحات پر بھی بات چیت ہوگی جبکہ بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف زیر بحث آئیں گے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر قسط ملنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کی پانچویں قسط میں تقریباً ایک ارب ڈالر اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ پاکستان نے 37 ارب ڈالر کا آئی ایم ایف پروگرام ستمبر 2024 میں حاصل کیا تھا، آئی ایم ایف پروگرام کی پہلی ایک ارب ڈالر کی قسط ستمبر 2024 میں ملی، پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی دوسری قسط مئی 2025 میں موصول ہوئی تھی جبکہ تیسری قسط 11 دسمبر 2025 کو موصول ہوئی تھی۔

☆ بقیہ صباح 36 ☆

آئل اور گھی مینوفیکچررز سے اس مقررہ قیمت پر ٹیکس وصولی ہوگی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تحت مقامی طور پر تیار کردہ سبزیوں اور حیوانی چکنائی، تیل، گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم قیمت مقرر کی گئی ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق کم از کم قیمت پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) کی ویب سائٹ پر شائع ہونے والے ہفتہ وار حساس قیمت اشاریے (ایس پی آئی) کے تحت گزشتہ ماہ کے آخری ہفتے کی اوسط قومی ریٹیل قیمت میں سے 25 روپے فی کلوگرام کم کرکے مقرر کی جائے گی تاہم 25 روپے فی کلو کی یہ رعایت صرف ان رجسٹرڈ افراد کو حاصل ہوگی جو ایف بی آر کے ڈیجیٹل انوائسنگ اور پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوں۔ نوٹیفکیشن کے تحت گھی اور کوکنگ آئل کے برانڈز کو تین کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ کیٹیگری اے میں ڈالڈا، حبیب، سوئی، میزان، سویا سپریم اور ایوا شامل ہیں، جن کی کم از کم قیمت اوسط قومی ریٹیل قیمت کے 100 فیصد کے برابر ہوگی۔ کیٹیگری بی میں من پسند، حبیب بانڈی، سیزنز، کشمیر، کرن، شاہ تاج، کسان، شفق اور سلطان شامل ہیں، جن کی کم از کم قیمت اوسط قیمت کے 93 فیصد کے برابر ہوگی، جبکہ کیٹیگری سی میں دیگر تمام برانڈز شامل ہیں، جن کی کم از کم قیمت اوسط قیمت کے 85 فیصد کے برابر مقرر کی گئی ہے۔ ایف بی آر کے مطابق اگست 2026 کیلئے پی بی ایس پورٹل پر 26 جولائی 2026 کو شائع شدہ قیمتوں کی بنیاد پر اوسط قیمت 613 روپے فی لیٹر/کلوگرام ہے۔

☆ بقیہ صباح 37 ☆

قیمت 3.4 فیصد کمی کے بعد 100.34 ڈالر فی بیرل جبکہ امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی 4.5 فیصد کمی کے بعد 95.78 ڈالر فی بیرل پر بند ہوا، دونوں کی قیمتیں 8 ستمبر کے بعد کم ترین سطح پر آگئیں۔ قیمتوں میں کمی کی بڑی وجہ آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل میں بہتری اور ایران تنازع پر سفارتی پیش رفت کی امید قرار دی جارہی ہے۔ دوسری جانب امریکا میں ایندھن کی قیمتیں اب بھی بلند ہیں۔ گزشتہ روز ملک بھر میں پیٹرول کی اوسط قیمت 4.48 ڈالر فی گیلن رہی جو ایک سال پہلے کے مقابلے میں ایک ڈالر سے زیادہ ہے۔ ڈیزل کی اوسط قیمت ریکارڈ 6.51 ڈالر فی گیلن تک پہنچ گئی۔ ادھر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ملک میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار ایران کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے جہاز رانی میں خوف اور خطرات پیدا کیے جانے سے توانائی کی لاگت بڑھ رہی ہے۔

☆ بقیہ صباح 38 ☆

افسران نے شرکت کی۔ ذیلی کمیٹی نے 26-2025 کی تازہ ترین آڈٹ رپورٹ پیش نہ کرائے جانے پر تشویش کا اظہار کیا اور پاکستان اسٹیل ملز کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ رپورٹ ایک ہفتے کے اندر پیش کی جائے۔ ذیلی کمیٹی نے پاکستان اسٹیل ملز سے 36 ٹن سامان کی چوری کے معاملے کا بھی جائزہ لیا اور چوری شدہ سامان کی واپسی کے حوالے سے پیش رفت پر سوالات کیے۔ اراکین نے کہا کہ چوری کے متعدد مقدمات میں ملازمین کے خلاف انتظامی کارروائی کی گئی، تاہم چوری شدہ سامان کی واپسی تاحال زیر التوا ہے۔ کنوینر کمیٹی نے پاکستان اسٹیل ملز کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ چوری کے واقعات میں ملوث ملازمین کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ایسے افراد کو پاکستان اسٹیل ملز کی حدود میں داخلے سے روکا جائے۔

☆ بقیہ صباح 39 ☆

نظام کے تحت لانے کے لیے وزیراعظم نے وزیر دفاع کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک ایسے نظام پر کام کر رہی ہے جس کے تحت متعلقہ ادارے ایک دوسرے سے ڈیٹا طلب کرنے کے بجائے قانونی اور خودکار طریقے سے معلومات شیئر کریں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ مختلف اداروں کے درمیان ڈیٹا کے تبادلے کے لیے ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلیشیئرز اور پانی کے نظام سے متعلق امور وزارت آبی وسائل کے دائرہ کار میں آتے ہیں، جبکہ برف باری اور گلیشیئر پگھلنے کی نگرانی کے آلات واپڈا کے پاس ہیں۔ ارلی وارننگ سسٹم وزارت دفاع، سیٹلائٹ ڈیٹا سپارکو جبکہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے پاس ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ سول یا دفاعی نوعیت کا سیٹلائٹ ڈیٹا سپارکو کے پاس موجود ہے، جبکہ قدرتی آفات سے متعلق ڈیٹا این ڈی ایم اے کے پاس ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان تمام نظاموں کو مربوط کیا جائے تاکہ ملک کو بروقت اور جامع معلومات دستیاب ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ موسم سے متعلق سول معاملات کے لیے ایک نئی اتھارٹی کے قیام پر بھی کام جاری ہے

☆ بقیہ صباح 40 ☆

پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کردی جبکہ واقعہ کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کی پرزور مذمت کرتے ہوئے اہلکاروں محمد یاسر اور عبدالرؤف کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ بچوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے والی ٹیم پر حملہ درندہ صفت عناصر کا گھناؤنا اور ناقابل معافی فعل ہے، حملہ کرنے والے درندے عبرتناک انجام کے مستحق ہیں۔ بلوچستان حکومت کے معاون برائے اطلاعات بابر یوسفزئی نے بتایا کہ انسداد پولیو ٹیم پر حملہ بلوچستان کے بچوں کے مستقبل پر حملہ ہے، فتنہ الہندوستان بلوچستان کے امن اور بلوچستان کے بچوں کے مستقبل کا دشمن ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ دہشت گرد نہیں چاہتے کہ بلوچستان میں امن آئے، ترقی ہو اور بیماریوں کا خاتمہ ہو، فتنہ الہندوستان نہیں چاہتا کہ بلوچستان کے بچے صحت مند اور محفوظ مستقبل کی طرف بڑھیں۔ نوشکی بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے مغرب میں اندازاً 135 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

☆ بقیہ صباح 41 ☆

اس بات کا عالمی سطح پر اعتراف ہے کہ بین الاقوامی امن و سلامتی کے مؤثر قیام میں ناکامی کے باعث اس ادارے پر اعتماد کم ہو چکا ہے یا بالکل طور پر ختم ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک نے خود کو حق دے رکھا ہے کہ وہ بلاخوف کارروائیاں کریں، بین الاقوامی اداروں، عالمی قوانین اور حتیٰ کہ انسانیت کے اجتماعی ضمیر کو بھی نظرانداز کریں، وہ اپنے اور اپنے اتحادیوں کے لیے استثنیٰ کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے اپنے بیان کے اختتام پر کہا کہ آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ صیہونی حکومت جیسے ایک مجرمانہ وجود کو اپنی مرضی کے مطابق کوئی بھی کارروائی کرنے کی کھلی چھوٹ حاصل ہے، جبکہ مغربی اور یورپی ممالک، جو خود کو انسانی حقوق اور انسانی قوانین کے علم بردار قرار دیتے ہیں، خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ عباس عراقچی نے یہ بھی کہا کہ دنیا میں کہیں بھی کسی شخص کا کوئی مسئلہ سامنے آتا ہے تو مغربی ممالک مگرمچھ کے آنسو بہانا شروع کر دیتے ہیں، لیکن ایران کے میناب پرائمری اسکول کے 168 بچوں کے قتل عام پر خاموش رہتے ہیں، اس کی مذمت بھی نہیں کرتے، ان حالات میں بین الاقوامی اداروں پر دنیا کا اعتماد باقی نہیں رہے گا۔

☆ بقیہ صباح 42 ☆

متوقع ہیں۔ برطانیہ، کینیڈا، فرانس، جرمنی، اٹلی، جاپان اور امریکہ کے وزرائے خارجہ نے کہا کہ ہم حوثیوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر تمام فوجی کارروائیاں، شہری جہاز رانی کے خلاف تمام دھمکیاں اور حملے بند کریں اور یمنی کمیٹی کے ساتھ سیاسی عمل کی جانب واپس آئیں۔ دوسری جانب یمن کے اہم شہر مارب میں سعودی حملوں میں کم از کم چھ افراد ہلاک ہو گئے ہیں، یہ اطلاع حوثیوں سے منسلک ذرائع ابلاغ کے حوالے سے دی گئی ہے۔ اس حملے میں ہلاک ہونے والوں میں دو بچے اور ایک خاتون شامل ہیں جبکہ آٹھ دیگر افراد زخمی ہوئے ہیں۔ حوثیوں نے اس ماہ کے آغاز میں حکومت کے زیر کنٹرول اس علاقے کے بعد اہم شہر پر قبضہ کیا تھا۔ یمن کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت کی حمایت کرنے والے سعودی عرب نے ان مبینہ حملوں پر تاحال کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ اقوام متحدہ کے اندازے کے مطابق یمن کے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے میں لڑائی میں اچانک اضافے کے باعث مجموعی طور پر ایک لاکھ 20 ہزار سے زیادہ افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ ادھر اقوام متحدہ میں فرانس کے سفیر جیروم بونافون نے یمن میں حوثی ملیشیا سے فوری کشیدگی ختم کرنے اور امن مذاکرات میں سنجیدگی سے شامل ہونے کا مطالبہ کیا ہے۔ عرب نیوز کو انٹرویو میں فرانسیسی سفیر نے کہا کہ سعودی عرب کے خلاف کارروائیاں، باب المندب میں بحری جہازوں کو نشانہ بنانا اور ہتھیاروں کے ذریعے یمن کی حکومت کو چیلنج کرنا قابل قبول نہیں۔ انہوں نے ایران کے ساتھ کشیدگی کے باوجود سفارت کاری جاری رکھنے پر زور دیتے ہوئے کہا آبنائے ہرمز کو آزادانہ آمدورفت کے لیے کھلا رہنا چاہیے۔ لبنان کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ فرانس اقوام متحدہ کی امن فوج کے موجودہ مینڈیٹ کے خاتمے کے بعد بھی لبنان میں کسی نہ کسی شکل میں بین الاقوامی موجودگی برقرار رکھنے کے لیے کوششیں کر رہا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کو خطے میں فرانس کا اہم شراکت دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ پیرس سعودی عرب سمیت دیگر عرب ممالک کے ساتھ مل کر یمن، لبنان، ایران اور اسرائیل فلسطین تنازع کے سفارتی حل کے لیے کام جاری رکھے گا۔

☆ بقیہ صباح 43 ☆

ہیں، جبکہ کشمیریوں کو ان کا ناقابل تنسیخ حق دینے سے بھارت کا مسلسل انکار اقوام متحدہ کے چارٹر میں درج اصولوں کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کشمیر کے تنازعے کو کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیے بغیر قائم نہیں ہوسکتا۔ ترجمان نے کہا کہ 5 اگست 2019 سے، متنازعہ علاقے کی خصوصی حیثیت کی منسوخی اور بڑے پیمانے پر سیاسی، انتظامی تبدیلیوں کے باعث کشمیریوں کی مشکلات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے غیر قانونی طور پر نظربند تمام کشمیری سیاسی قیدیوں بشمول حریت قیادت کی رہائی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ بھارتی حکومت فوجی طاقت اور کالے قوانین کے ذریعے کشمیریوں کی سیاسی خواہشات کو دبا نہیں سکتی۔ حریت ترجمان نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بی جے پی حکومت کے فرقہ وارانہ ہندوتوا ایجنڈے، جابرانہ پالیسیوں اور مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارتی تسلط کو طول دینے کے اقدامات کو بے نقاب کرے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کا تنازعہ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے جاری 81 ویں اجلاس میں فوری توجہ کا متقاضی ہے۔ حریت ترجمان نے کہا کہ اقوام متحدہ کی اخلاقی اور قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ کشمیر کے دیرینہ تنازعے کو اپنی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کرنے میں مدد دے اور عالمی طاقتوں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی موجودہ سنگین صورتحال پر اپنی خاموشی توڑیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت مقبوضہ جموں و کشمیر کی آبادی کا تناسب تبدیل کرکے مسلم اکثریتی شناخت کو مٹانے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ کشمیریوں کے تحفظ اور دیرینہ تنازعے کے حل کے لیے اپنی قراردادوں پر عمل درآمد کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔ حریت ترجمان نے زور دیا کہ بین الاقوامی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ کشمیر کے تنازعے کے پرامن حل اور جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کی کوششوں کی حمایت کرے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کو بھارتی فوجی قبضے کے تحت بدترین مشکلات کا سامنا ہے، اس کے باوجود انہوں نے ہمیشہ امن اور بات چیت کی وکالت کی ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر کی سنگین انسانی صورتحال کا فوری نوٹس لے اور کہا کہ جنوبی ایشیا میں دیرپا امن اس وقت تک قائم نہیں ہوسکتا جب تک کشمیر کا تنازعہ اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل نہ ہو۔ انہوں نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور انسانیت کے خلاف جرائم پر بھارت کی جوابدہی کا بھی مطالبہ کیا۔

☆ بقیہ صباح 44 ☆

کے زمرے میں آتے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ منشیات کی اسمگلنگ مبینہ طور پر مسلح حملے کی قانونی تعریف پر پوری نہیں اترتی، اس لیے امریکا کو اس بنیاد پر طاقت کے استعمال اور دفاع کا حق حاصل نہیں۔ رپورٹ کے مطابق کشتیوں کو روکنے سمیت کم مہلک متبادل طریقے بھی دستیاب تھے، جبکہ امریکی حملے شہری اور سیاسی حقوق سے متعلق بین الاقوامی معاہدے کی بھی خلاف ورزی کرتے ہیں، جس کے تحت مہلک طاقت کا استعمال صرف کسی فوری خطرے کی صورت میں آخری اقدام کے طور پر کیا جاسکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ماہرین نے امریکی حملوں میں ہونے والی ہلاکتوں کی تحقیقات، ذمہ دار افراد، سیاسی و عسکری قیادت کے خلاف کارروائی اور متاثرہ خاندانوں کو معاوضہ دینے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ رپورٹ میں امریکی کارروائیوں کی شفافیت پر بھی سوال اٹھایا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی سرحد پر کوکین کی ضبطی میں نمایاں کمی نہیں آئی، جبکہ خطے میں بڑی مقدار میں کوکین چھوٹی کشتیوں کے بجائے کنٹینر بردار بحری جہازوں کے ذریعے منتقل ہوتی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ان حملوں سے فینٹانائل اور دیگر ادویات کی اسمگلنگ پر بھی کوئی نمایاں اثر نہیں پڑا۔